

Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی
0333-9233351
ملتان اسلام آباد
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی
جلد 14 | بدھ 18 دسمبر 2024ء 15 جمادی الثانی 1446ھ 02 پوہ 2081 ب قیمت 15 روپے | شمارہ 97

مدارس بل، ترمیم نامنظور، بات نہ مانی تو فیصلہ ایوان نہیں میدان میں ہوگا، فضل الرحمٰن

26 ویں آئینی ترمیم اتفاق رائے سے پاس ہوئی تھی، کوشش یہ ہے کہ تمام معاملات افہام وتفہیم سے حل ہوں، مدارس کی رجسٹریشن میں حکومت خود سب سے بڑی رکاوٹ ہے، پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس دوبارہ بلانا غیر آئینی ہوگا

ہمارے نزدیک تو معاملات طے تھے لیکن اس کے بعد 18 ویں ترمیم پاس ہوئی، تو خود حکومت نے سوال اٹھایا کہ مدارس 1860 کے سوسائٹیز ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوتے ہیں، اب چونکہ وہ صوبائی مسئلہ بن گیا ہے' سربراہ جے یو آئی کا خطاب

اسلام آباد(بیوروپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ مدارس کی رجسٹریشن میں حکومت سب سے بڑی خود رکاوٹ ہے، پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس دوبارہ بلانا غیر آئینی ہوگا، مدارس بل میں کوئی ترمیم قبول نہیں، بات نہ مانی گئی تو فیصلہ سڑکوں پر ہوگا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم اتفاق رائے سے پاس ہوئی تھی، کوشش یہ ہے کہ تمام معاملات افہام وتفہیم سے حل ہوں، سیاست میں مذاکرات ہوتےہیں، دونوں فریق ایک دوسرے کو سمجھاتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ 2004 میں مدارس کے حوالے سے سوالات اٹھائے گئے، پہلا سوال یہ تھا کہ دینی مدارس کا مالیاتی نظام کیا ہے؟ دوسرا سوال تھا کہ مدارس کا نظام تعلیم کیا ہے؟ تیسرا سوال تھا کہ دینی مدارس(بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمٰن قومی اسمبلی میں خطاب کررہے ہیں

سٹاک مارکیٹ' انڈیکس ایک لاکھ 17 ہزار پوائنٹس کی حد کو بھی چھو گیا

کاروباری ہفتے کے پہلے روز آغاز پر ہی سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی

کراچی (این این آئی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 17 ہزار پوائنٹس کی حد بھی پار کرگیا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز بھی ٹریڈنگ کے دوران سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، 800 سے زائد پوائنٹس اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 1 لاکھ 17 ہزار 039 پوائنٹس کی سطح کو چھو گیا۔ واضح رہے کہ کاروباری ہفتے کے پہلے(بقیہ نمبر 2)

انسداد پولیو مہم کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنا تشویشناک ہے، وزیراعظم

یونان کشتی حادثے میں 5 پاکستانی شہری جان کی بازی ہار گئے، 40 سے زیادہ لوگوں کو ریسکیو بھی کیا گیا، یہ ایک سنجیدہ چیلنج ہے، اس پر میں چند دن میں متعلقہ وزرا کی میٹنگ بلا رہا ہوں، 2023 کے واقعے کا جائزہ لیں گے' شہباز شریف

شرح سود مزید 2 فیصد کم کیا، جو اب 22 فیصد سے 13 فیصد پر آ گیا ہے، یہ کاروبار، صنعت وحرفت کے لیے، زراعت، سرمایہ کاروں اور برآمد کنندگان کے لیے بہت خوش آئند بات ہے' معیشت کو فائدہ ہوگا، کابینہ کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (بیوروپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مستقل معذوری کا باعث بننے والے خطرناک وائرس پولیو کے خاتمے کے لیے جانے والی قومی کوششوں میں رکاوٹیں ڈالی جاتی ہیں جو انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے یہ بات وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں وفاقی کابینہ کے(بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، سیکرٹری اقتصادی امور اور جاپانی سفیر معاہدے پر دستخط کررہے ہیں

ڈی چوک احتجاج' زرتاج گل کی 5 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے ڈی چوک احتجاج سے متعلق 5 مقدمات میں (بقیہ نمبر 10)

ڈکیتی وارداتوں میں 29 فیصد کمی آئی' مجتبیٰ شجاع الرحمان کا دعویٰ

سال 2023-24 کے دوران کچے میں آپریشن سے 88 شرپسند ہلاک' 59 زخمی ہوئے' صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) پنجاب کے وزیر برائے پارلیمانی امور مجتبیٰ شجاع الرحمان نے دعویٰ کیا ہے کہ سال 2023-24 میں ڈکیتی کی وارداتوں میں 29 فیصد کمی آئی ہے۔ ایک بیان میں مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا کہ سال 2023-24 کے دوران کچے میں آپریشن سے 88 شرپسند ہلاک (بقیہ نمبر 12)

عدالت حکومت کو کلائمیٹ چینج سے متعلق کام کا حکم دے سکتی ہے، جسٹس منصور علی شاہ

فضائی آلودگی بڑا مسئلہ، کلائمیٹ کورٹ قائم ہونی چاہیے' آئینی عدالتیں انوائرمنٹ کے معاملہ دیکھ رہی' کلائمیٹ سائنس پر پاکستان کی گرفت نہیں

کلائمیٹ فائنانس پر کام نہ کیا تو ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں بہت بڑا فرق پیدا ہوگا' تقریب سے سینئر جج سپریم کورٹ کا خطاب

اسلام آباد (بیوروپورٹ) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ عدالت حکومت کو کلائمیٹ چینج کے اوپر کام کرنے پر کہہ سکتی ہے، عدالتیں کوشش کریں گی کہ موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ افراد کی بات سنی جائے۔ موسمیاتی تبدیلی کی تقریب سے وڈیو لنک پر خطاب (بقیہ نمبر 3)

توہین الیکشن کمیشن کیس: عمران خان کو پیش نہ کرنے پر حکام سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے توہین کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کو ویڈیو لنک (بقیہ نمبر 5)

گنڈاپور کو 16 جنوری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے خلاف اسلام آباد میں 32 اور پنجاب میں 33 مقدمات درج ہیں

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو 16 جنوری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس وقار احمد نے علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت(بقیہ نمبر 4)

پی ٹی آئی نے مصنوعی ذہانت سے اسلام آباد کی سڑکوں کو خون میں لت پت دکھایا، وزیر اطلاعات

نواز شریف نے سیاست میں ہمیشہ دوراندیشی کا مظاہرہ کیا، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو بھی خان صاحب کہہ کر پکارتے ہیں، ہمارا فوکس معیشت پر ہے، آج شرح سود 13 فیصد پر آ گئی

مخالف سے مخالفت کرنے کا مزہ تب آتا ہے جب وہ میدان میں ہو، ہماری دانشمندی اور کاوش کو کمزوری سمجھا گیا' ہم پُرتشدد سیاست پر یقین نہیں رکھتے، عطا تارڑ کا اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (بیوروپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ ہم پُرتشدد سیاست پر یقین نہیں رکھتے، کسی سے نہیں کہا یہ دشمن ہے، اس کی خوشی غمی میں شریک نہیں ہونا، نواز شریف نے سیاست میں ہمیشہ دوراندیشی کا مظاہرہ کیا، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو بھی خان صاحب کہہ کر پکارتے ہیں، ہمارا فوکس معیشت پر ہے، آج شرح سود 13 فیصد پر آ گئی ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 12 ارب ڈالر ہو چکے ہیں، معیشت درست سمت میں گامزن ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دوسرے کی بات کرنے کا حوصلہ رکھنا چاہیے، آپس کی رواداری پر بھی کمپرومائز نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ کبھی کسی سے نہیں کہا کہ یہ دشمن ہے، اس کی خوشی غمی میں شریک نہیں ہونا، ہم پرتشدد سیاست پر یقین نہیں رکھتے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 2013ء کے الیکشن میں جب بانی چیئرمین (بقیہ نمبر 9)

چیف سیکرٹری پنجاب کا ایل ڈی اے کا دورہ، کمرشل نقشوں کی منظوری کو جلد آن لائن کرنے کا حکم

ایل ڈی اے کی 850 کنال قیمتی پراپرٹی واگزار کرانے کے اقدام کی ستائش، شہریوں کو خدمات کی فراہمی مزید آسان بنانے کی ہدایت

نقشوں کی آن لائن منظوری' پراپرٹی سٹیٹس کی آن لائن دستیابی کی سہولت اور ریکارڈ کی سفٹنگ ایک سنگ میل ہے' زاہد اختر زمان' ڈی جی کی بریفنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے منگل کے روز لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا اور کمرشل عمارات کے نقشوں کی منظوری کو جلد آن لائن کرنے سے متعلق ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ ایل ڈی اے کی جانب سے نقشوں کی آن لائن منظوری، پراپرٹی سٹیٹس کی آن لائن دستیابی کی سہولت کی فراہمی اور ریکارڈ کی سفٹنگ ایک سنگ میل ہے۔ انہوں نے شہریوں کو خدمات کی فراہمی آئی ٹی کے ذریعے مزید آسان بنانے کی ہدایت کی۔ چیف سیکرٹری نے ایل ڈی اے سٹیزن فیسلیٹیشن سینٹر اور آئی ڈیٹیفکیشن سیل کا معائنہ بھی کیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایل ڈی اے طاہر فاروق نے چیف سیکرٹری کو فیسلیٹیشن سنٹر میں کی گئی اصلاحات اور زیر تعمیر سنٹرل مانیٹرنگ سسٹم (کنٹرول روم) بارے بریفنگ دی۔ آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور ڈرون کیمروں پر(بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاپتا افراد سے متعلق پروپیگنڈا ایک بار پھر بے نقاب

پنجگور (این این آئی) بلوچستان میں لاپتا افراد سے متعلق پروپیگنڈا ایک(بقیہ نمبر 7)

پاکستان میں صنعتی ترقی منجمد ہوچکی ہے' مزمل اسلم

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے کہا ہے کہ پاکستان میں (بقیہ نمبر 8)

اخباری تراشوں کی بنیاد پر صدر، وزیراعظم کو ذاتی طور پر نہیں بلا سکتے، عدالت

اسلام آباد ہائیکورٹ کی اعتراضات دور کرکے سات روز میں درخواست دوبارہ لگانے کی ہدایت

اسلام آباد (بیوروپورٹ) ڈی چوک احتجاج کے بعد اداروں کے خلاف چلنے والی مہم سے متعلق درخواست پر اسلام آباد ہائیکورٹ نے اعتراضات دور کرکے سات روز میں دوبارہ لگانے کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے طالب حسین ایڈووکیٹ کی درخواست پر(بقیہ نمبر 13)

لاہور، محکمہ ہیومن رائٹس کے دفتر میں مینارٹی کارڈ کے حصول کیلئے آنیوالے اقلیتی برادری کے لوگ اپنے ریکارڈ کا اندراج کروارہے ہیں

محسن نقوی کی سعودی ہم منصب سے ملاقات، سکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال

منشیات سمگلنگ سے نمٹنے کے اقدامات' باہمی دلچسپی، سکیورٹی میں تعاون بڑھانے بارے بات چیت

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی عرب کے وزیر داخلہ شہزادہ عبدالعزیز بن سعود بن نائف سے ملاقات کی۔ پاک سعودیہ وزرائے داخلہ کی ملاقات ریاض(بقیہ نمبر 14)

وزیراعظم ڈی 8 ممالک کے اجلاس میں شرکت کیلئے آج مصر جائیں گے

فلسطین کی صورتحال پر پاکستان کا اصولی موقف پیش کریں گے' مشرق وسطیٰ میں قیام امن پر زور دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف تین روزہ دورے پر 18 دسمبر کو مصر جائیں گے۔ وزیراعظم کے ترجمان کے مطابق شہباز شریف قاہرہ میں منعقد ہونے والے(بقیہ نمبر 15)

آئی ایم ایف نے پی آئی اے نجکاری کیلئے سیلز ٹیکس چھوٹ کے مطالبات مان لیے

پی آئی اے کا تقریباً 660 ارب روپے کا قرض حکومت نے اپنے ذمے لے کر ہولڈنگ کمپنی میں اسٹاک کر دیا

سیلز ٹیکس چھوٹ اور نقصانات ختم ہونے سے بولی 250 ارب روپے سے 350 ارب روپے تک جاسکتی ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیوروپورٹ) آئی ایم ایف نے پی آئی اے کی نجکاری کے لیے سیلز ٹیکس چھوٹ اور ایکویٹی لاسز ختم کرنے کے مطالبات مان لیے۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے کی خریدار پارٹی کو نیشنل اور انٹرنیشنل روٹس کے لیے طیارے خریدنے یا لیز پر لینے کے لیے سیلز ٹیکس چھوٹ ہوگی۔ اسی طرح سیلز ٹیکس چھوٹ ملنے اور نقصانات ختم ہونے سے بولی 250 ارب روپے سے لے کر 350 ارب روپے تک جاسکتی ہے۔ پی آئی اے کا تقریباً 660 ارب(بقیہ نمبر 16)

فساد کو تھوڑی دیر بریک لگ جائے تو پاکستان مزید ترقی کرے گا، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ مریم نواز چین سے کینسر علاج کی جدید ٹیکنالوجی پاکستان لے کر آ رہی ہیں' وزیر اطلاعات پنجاب

ہمیں 700 کے قریب چائنہ سے الیکٹرک بسیں خریدنی ہیں، جلد الیکٹرک بسوں کا پہلا فلیٹ لاہور پہنچنے والا ہے' پریس کانفرنس

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ فساد تھوڑی دیر کنٹرول ہو جائیں تو پاکستان مزید ترقی کرے گا، وزیراعلیٰ مریم نواز چین سے کینسر علاج کی جدید ٹیکنالوجی پاکستان لے کر آ رہی ہیں، ہمیں 700 کے قریب چائنہ سے الیکٹرک بسیں خریدنی ہیں، جلد الیکٹرک بسوں کا پہلا فلیٹ لاہور پہنچنے والا ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ وزیر علی مریم نواز 8 سے(بقیہ نمبر 33)

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کررہی ہیں

پاکستان' جاپان کے درمیان 9.91 ملین ڈالر گرانٹ کے معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور جاپان کے درمیان خیبر پختونخوا کے(بقیہ نمبر 32)

صارفین کے ساتھ فراڈ میں ملوث ہزاروں نمبرز بلاک کر دیئے گئے

ایک سال میں دھوکا دہی میں ملوث 5 ہزار 294 موبائل نمبرز بلاک کیے گئے' پی ٹی اے

اسلام آباد (بیوروپورٹ) پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی (پی ٹی اے) نے صارفین کے ساتھ فراڈ کرنے والے ہزاروں موبائل فون نمبرز بلاک کردیے۔ پی ٹی اے حکام کا(بقیہ نمبر 34)

We warm
Rashid Mehr
Chairman Federa
لاہور، چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال لاہور چیمبر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

اسمبلی میں ہروقت ایسا ماحول ہوتا جیسے سوتنیں لڑ رہی ہیں، شیر افضل مروت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 31)

امیر مقام کی شانگلہ چکیسر میں پولیس چوکی پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر(بقیہ نمبر 30)

ابھی تک کسی سے کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے' عمر ایوب

جب تک یہ لوگ سنجیدہ نہیں ہوں گے مذاکرات نہیں ہوں گے' عدالت میں پیشی کے موقع پر گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما عمر ایوب نے کہا ہے کہ ابھی تک کسی سے کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے۔ 9 مئی کے مقدمات کی سماعت کے(بقیہ نمبر 20)

اسلحہ لائسنس کمپیوٹرائزڈ ہوں گے، محکمہ داخلہ پنجاب کا مراسلہ

لاہور (این این آئی) سکیورٹی کمپنیوں اور اداروں کے اسلحہ لائسنس کمپیوٹرائزڈ (بقیہ نمبر 17)

بانی پی ٹی آئی 6 بشریٰ بی بی کی 1 مقدمے میں عبوری ضمانتوں میں توسیع

ضمانت کی درخواستوں پر ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکا نے سماعت کی' سماعت 7 جنوری تک ملتوی

اسلام آباد (بیوروپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی کی 6 اور بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے کی عبوری ضمانتوں میں 7 جنوری تک توسیع کر دی۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف 6 اور بشریٰ بی بی کے خلاف ایک مقدمے میں ضمانت کی درخواستوں پر ایڈیشنل سیشن (بقیہ نمبر 18)

وزارت کی ابتر حالات والی پراپرٹیز کو آؤٹ سورس کر کے ریونیو لائیں گے' ریاض حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا ہے کہ وزارت کی ابتر حالت کی(بقیہ نمبر 19)

پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز کی 16 جنوری تک حفاظتی ضمانت منظور

وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں سے درخواست گزار کیخلاف درج مقدمات کی رپورٹ طلب

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز کی 16 جنوری تک حفاظتی ضمانت منظور کرلی۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس وقار احمد پر مشتمل(بقیہ نمبر 21)

مدارس بل پر کوشش ہے کہ بند گلی سے نکلیں تاہم احتجاج کی کال برقرار ہے' شاہدہ اختر علی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کی رہنما شاہدہ اختر علی نے کہا ہے کہ مدارس بل کے معاملے پر کوشش(بقیہ نمبر 24)

سکھر، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

وزیراعظم نے وفاقی وزراء کی ایوان میں غیر حاضری کا نوٹس لے لیا

وزرا کی غیر حاضری سے احتساب کے اصولوں' شفافیت کے عمل کو نقصان پہنچتا، عوام کے جمہوری اداروں پر اعتماد کو بھی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے

آفیشل معاملات کیلئے پارلیمنٹ میں موجود وزراء کے چیمبر میں موجودگی یقینی بنانے' وزرا کو وقفہ سوالات اور ایوان میں بحث کے دوران دیگر میٹنگز میں عدم شرکت کی ہدایت

اسلام آباد (بیوروپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی اجلاس کے دوران وفاقی وزرا کی غیر حاضری کا نوٹس لیتے ہوئے انہیں ایوان کی کارروائی میں حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزرا کی ایوان میں غیر حاضری کا نوٹس لیتے ہوئے تمام وفاقی وزرا کو خط لکھ دیا جس میں انہوں نے وزرا کو پارلیمانی کارروائی میں حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ شہباز شریف نے خط میں کہا کہ وفاقی وزرا کی ایوان (بقیہ نمبر 29)

لاہور، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کیساتھ ممبران پاکستان بار کونسل و لاہور ہائیکورٹ بار کے صدر و دیگر عہدیداروں کا گروپ فوٹو

سُتھرا پنجاب پروگرام کی مانیٹرنگ کیلئے مرکزی کنٹرول روم قائم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز کے ستھرا پنجاب پروگرام کی مانیٹرنگ کیلئے صوبائی سیکرٹریٹ میں مرکزی کنٹرول(بقیہ نمبر 23)

ہمیں اور کچھ نہیں ڈی چوک کے خون کا انصاف چاہیے، علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ ہمیں اور کچھ نہیں چاہیے ڈی چوک کے خون کا(بقیہ نمبر 22)

واسا ملازمین کو پلاٹ نہ دینے کیخلاف درخواست' ڈی جی ایل ڈی اے ہائیکورٹ میں طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے واسا ملازمین کو سرکاری سکیم کے تحت پلاٹس نہ دینے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر ڈی جی ایل ڈی اے کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت (بقیہ نمبر 26)

حکومت نے مولانا فضل الرحمٰن کیخلاف علماء کو اٹھایا: حافظ حمد اللہ

علماء میں کوئی تقسیم نہیں، کوئی ہمارے خلاف کھڑا نہیں ہوا بلکہ کھڑے کیے گئے ہیں' انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی ف کے رہنما حافظ حمد اللہ کا کہنا ہے کہ حکومت نے مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف علماء کو اٹھایا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علماء میں کوئی تقسیم نہیں، کوئی ہمارے خلاف کھڑا نہیں ہوا بلکہ کھڑے کیے گئے ہیں۔(بقیہ نمبر 25)

حکومت تمام مدارس کے بورڈز کو اعتماد میں لیکر ترمیم کرے، طاہر اشرفی

وزارت تعلیم کے ساتھ مدارس کو منسلک کرنے کا معاہدہ بھی ان اکابرین کا ہے، چیئرمین پاکستان علماء کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ حکومت تمام مدارس کے بورڈز کو اعتماد میں لے کر ترمیم کرے۔ وزارت تعلیم کے ساتھ مدارس کو منسلک (بقیہ نمبر 27)

شانگلہ چکیسر میں دہشتگردوں کا پولیس چوکی پر حملہ 2 اہلکار شہید

شہید اہلکاروں میں اے ایس آئی حسن خان اور سپاہی نثار خان شامل' زخمی ہسپتال منتقل

شانگلہ (این این آئی) چکیسر میں پولیس چوکی پر دہشتگردوں کے حملے میں 2 پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع شانگلہ کے علاقے چکیسر میں (بقیہ نمبر 28)

KIBGE
MR. ANWAAR-UL-HAQ
کراچی، سابق نگران وزیراعظم انوار الحق تقریب سے خطاب کررہے ہیں

صنعت وتجارت

شوبز واسپورٹس

پاکستان کسٹمز میں فیس لیس اسسمنٹ سسٹم پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز

نئے سسٹم سے امپورٹرز اور کسٹمز افسران کے درمیان براہ راست رابطہ ختم، بندرگاہوں پر آنیوالے درآمدی کنسائنمنٹس کی گڈز ڈیکلیریشنز داخل کی جارہی ہیں

کامیابی پر سسٹم ملک بھر رائج کیا جائیگا، اسسمنٹ سسٹم میں کسٹمز افسران کی صلاحیت وکارکردگی جانچنے کیلئے مخصوص خودکار نظام متعارف

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان کسٹمز میں فیس لیس اسسمنٹ سسٹم پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کردیا گیا جس میں کراچی اور بن قاسم بندرگاہ پر آنے والے ہر درآمدی کنسائنمنٹس کی گڈز ڈیکلیریشنز داخل کی جارہی ہیں۔ نئے سسٹم کے تحت درآمدکنندگان کی جانب سے محکمہ کسٹمز میں داخل ہونے والے گڈز ڈیکلیریشنز کو سینٹرل اپریزنگ یونٹ بھیجا جارہا ہے۔ اس نئے سسٹم سے امپورٹرز اور کسٹمز افسران کے درمیان براہ راست رابطہ ختم ہوگیا ہے۔ متعلقہ حکام تجرباتی بنیادوں پر شروع ہونے والے سسٹم میں خامیاں، پیچیدگیوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ اس پائلٹ پراجیکٹ کی کامیابی کی صورت میں فیس لیس اسسمنٹ سسٹم کو ملک گیر سطح پر رواج کردیا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ ایف بی آر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت پاکستان کسٹمز میں متعارف کردہ فیس لیس اسسمنٹ سسٹم پائلٹ پراجیکٹ کو چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ جمیل ناصر خود مانیٹر کررہے ہیں۔ محکمہ کسٹمز میں اصلاحات پروگرام کے تحت متعارف کردہ فیس لیس اسسمنٹ سسٹم کا مقصد کلیئرنس کی رفتار کو تیز، آسان اور شفاف کرکے تجارتی سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس نظام سے درآمدکنندہ اور کسٹمز افسران کے درمیان رابطوں میں کمی آئے گی۔ نئے سسٹم میں ڈپٹی کلکٹر (ایم آئی ایس) قرۃ العین کو اسسمنٹ، مینجمنٹ انفارمیشن کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں اور باقی ماندہ 54 کسٹمز افسران انکے ماتحت خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اسسمنٹ سسٹم میں محکمہ کسٹمز کے افسران کی صلاحیت وکارکردگی جانچنے کے لیے بھی مخصوص خودکار نظام متعارف کرایا گیا ہے جس کے تحت دیانتداری سے خدمات انجام دینے والے افسران کو ریوارڈز اور ترقی دی جائے گی جبکہ دیانتداری سے کام نہ کرنے والے افسران کے خلاف کارروائی بھی کی جائے گی۔ نئے سسٹم کے تحت داخل کردہ گڈز ڈیکلریشن میں درست معلومات دینے والے کلیئرنگ ایجنٹس کو مثبت پوائنٹس دیے جائیں گے اور درست معلومات فراہم نہ کرنے والے کلیئرنگ ایجنٹس کے لائسنس معطل بھی ہوسکیں گے۔ صرف مجاز افسران کو سینٹرلائزڈ اسیسمنٹ ہال میں داخلہ ممکن ہے لیکن انہیں ہال میں موبائل فون لیجانے کی اجازت نہیں ہے۔

شرح سود میں مزید کمی کی گنجائش ہے، عاطف اکرام شیخ

مانیٹری پالیسی کے اگلے اعلان میں 400 بیسز پوائنٹس کی ہوسکتی ہے، صدر ایف پی سی سی آئی

پالیسی ریٹ میں کمی سے معاشی ترقی، سرمایہ کاری، برآمدات میں بھی اضافہ ہوگا، بیان

اسلام آباد (اے پی پی) صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ سٹیٹ بینک کی جانب سے پالیسی ریٹ میں 200 بیسز پوائنٹس کی کمی خوش آئند ہے، شرح سود میں مزید کمی کی گنجائش ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سٹیٹ بینک کی جانب سے پالیسی ریٹ میں 200 بیسز پوائنٹس کی کمی کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ مانیٹری پالیسی کے اگلے اعلان میں 400 بیسز پوائنٹس کی ہوسکتی ہے، گزشتہ چھ ماہ میں پالیسی ریٹ میں 9 فیصد کی کمی ہوئی ہے، پالیسی ریٹ میں کمی سے معاشی ترقی میں اضافہ ہوگا، سرمایہ کاری، برآمدات سمیت کرنسی سرکولیشن میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود میں کمی سے حکومتی اندرونی قرضوں میں بھی بڑی کمی ہوگی، حکومت کی جانب سے آئی پی پیز سے معاہدوں کی منسوخی بھی اہم قدم ہے۔

رحیم یار خان چیمبر کی نئی ممبر شپ کیلئے موصول درخواستوں کی منظوری

ایسوسی ایٹ کلاس نئی ممبر شپ کی فیس میں 8000، رینول فیس 7000 روپے ہے

رحیم یار خان (اے پی پی) رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت صدر رحیم یار خان چیمبر ولید احمد نے کی۔ اجلاس میں سابقہ اجلاس کی کاروائی کی توثیق اور نئی ممبر شپ کے لیے موصول ہونے والی 30 درخواستوں کی ہاؤس نے منظوری دی۔ ہاؤس نے ایسوسی ایٹ کلاس سے کارپوریٹ کلاس میں تبدیلی ہونے والی کمپنیوں کی بھی منظوری دی۔ ایگزیکٹو کمیٹی میں ٹریڈ آرگنائزیشن رولز کے سیکشن 22 اور 23 کے تحت ایک سال اور تین سال کے لیے پلان آف ایکشن بجٹ کی بھی منظوری دی۔ آل پاکستان چیمبرز پریذیڈنٹ کانفرنس 2025 رحیم یار خان چیمبر میں منعقد کروانے کی ہاؤس نے منظوری دی۔ رحیم یار خان چیمبر ممبر شپ کی فیس میں اضافہ کی درخواست پیش کی گئی جس میں تمام ایگزیکٹو کمیٹی ممبران نے اپنی رائے دی۔ ہاؤس نے ایسوسی ایٹ کلاس نئی ممبر شپ کی فیس میں 8000 روپے اور رینول فیس 7000 روپے جب کہ کارپوریٹ کلاس نئی ممبر شپ کی فیس 15000 روپے اور رینول فیس 12000 کی منظوری دے دی۔ صدر رحیم یار خان چیمبر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فیس بڑھانے کا مقصد چیمبر کو مزید ترقی کی طرف لے کر جانا ہے ہم اس سال بہت سارے پروجیکٹس اپنے ممبران کے لیے کرا رہے ہیں۔ جس سے چیمبر کے ممبران مستفید ہوں گے۔ الحمد اللہ ہم نے پولیس خدمت مرکز، نادرہ کی سہولت رحیم یار خان چیمبر کے ممبران کے لیے مہیا کروائی ہے جس کا جلد آغاز کردیا جائے گا۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر شہیر اقبال، نائب صدر افضال احمد، ایگزیکٹو ممبران حشمت علی، عبدالطیف بھٹی، محمد یسین، میاں محمد حسین، ثاقب سعید، عرفان خالد، میاں انعام باری، قیصر محمود، عمران شبیر، محمد شہروز ندیم، نعمان خالد، ریاض الرحمان، شہباز احمد، محمد طارق، ذوالفقار علی، سیکرٹری جنرل رحیم یار خان چیمبر محمد عثمان اظہر اور اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل مصطفیٰ صادق بھی موجود تھیں۔

30 پولش کمپنیوں کی سعودیہ میں ہیڈکوارٹرز کھولنے کی تیاری

سعودی عرب اور پولینڈ کے درمیان تجارتی تبادلے کا حجم نو ارب ڈالر تک پہنچ جائے گا، رپورٹ

ریاض (این این آئی) فیڈریشن آف سعودی چیمبرز نے انکشاف کیا ہے کہ پولینڈ کے نائب وزیر اعظم اور ڈیجیٹل امور کے وزیر کرزیژتوف گاوکوسکی نے تصدیق کی ہے کہ پولینڈ کی 30 کمپنیاں اس وقت مملکت میں اپنا ہیڈکوارٹرز کھولنے کے لیے کام کررہی ہیں اور ان کی حکومت سعودی عرب کے منصوبوں کی مدد کیلئے تیار ہے۔ سعودی عرب کی جانب سے پولینڈ میں سرمایہ کاری کرنے والوں کو تمام ضمانتیں اور سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے یہ گفتگو فیڈریشن آف سعودی چیمبرز کے صدر حسن بن معجب الحویزی اور فیڈریشن کے صدر دفتر میں متعدد سعودی سرمایہ کاروں کے ساتھ ملاقات کے دوران کی۔ اس ملاقات میں دونوں ملکوں کے اعلیٰ حکام اور سرکاری اداروں کے نمائندے شریک تھے۔ گاوکوسکی نے کہا کہ ٹیکنالوجی، ڈیجیٹائزیشن اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں مملکت کا تجربہ ایک متاثر کن تجربہ ہے اور مشرق وسطیٰ میں ایک رول ماڈل کی نمائندگی کررہا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ پولش کمپنیوں کی ایک بڑی تعداد نے مملکت میں ہیڈکوارٹرز اور شاخیں کھولنے کے لیے لائسنس حاصل کر لیے ہیں۔ اپنی طرف سے سرمایہ کاری کے معاون وزیر اور سرمایہ کاری مارکیٹنگ اتھارٹی کے سی ای او ابراہیم المبارک نے کہا کہ سعودی عرب مواصلات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیٹا سینٹرز اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں پولینڈ کا بہترین شراکت دار ہے۔ فیڈریشن آف سعودی چیمبرز کے صدر حسن الحویزی نے کہا کہ یہ ملاقات فیڈریشن کے وفد کے حالیہ دورہ پولینڈ کی کامیابیوں اور مثبت نتائج کی توسیع کے طور پر سامنے آئی ہے۔ ہم دونوں ممالک کے تجارتی شعبوں کے درمیان مزید تعاون کے منتظر ہیں۔ دونوں ممالک تجارتی تبادلے کی سطح کو اس کی موجودہ سطح سے بڑھا رہے ہیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کا تخمینہ 9 ارب ڈالر تک پہنچایا جائے گا۔ سعودی پولش بزنس کونسل کے چیئرمین نے کہا کہ پولینڈ کی کمپنیاں سال 2025 کی پہلی سہ ماہی کے دوران مملکت میں اپنا ہیڈکوارٹر کھولنے کے لیے کام کریں گی۔ کونسل سعودی عرب کے تعاون سے مشترکہ ایکشن پلان تیار کرنے کے لیے کام کررہی ہے۔ دونوں ملکوں کے حکام اور مملکت میں پولش کمپنیوں کے لیے ایک نمائش کا انعقاد بھی کیا جارہا ہے۔

شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی ریٹیل قیمت 1433 روپے ریکارڈ

ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1385 روپے رہی

اسلام آباد (اے پی پی) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمتوں میں گزشتہ ہفتہ کے دوران استحکام رہا۔ ادارہ شماریات پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق 12 دسمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1433 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 0.47 فیصد کم ہے۔ پیوستہ ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1440 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اسی طرح ملک کے جنوبی شہروں میں 12 دسمبر کو ختم ہونے ہفتہ میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1385 روپے رہی جو پیوستہ ہفتہ میں بھی 1385 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ ہفتہ کے دوران اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1397 روپے، راولپنڈی 1388 روپے، گوجرانوالہ 1450 روپے، سیالکوٹ 1430 روپے، لاہور 1493 روپے، فیصل آباد 1430 روپے، سرگودھا 1420 روپے، ملتان 1441 روپے، بہاولپور 1477 روپے، پشاور 1450 روپے اور بنوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1390 روپے ریکارڈ کی گئی، اسی طرح کراچی میں گزشتہ ہفتہ کے دوران سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1340 روپے، حیدرآباد 1340 روپے، سکھر 1450 روپے، لاڑکانہ 1400 روپے، کوئٹہ 1435 روپے اور خضدار میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1347 روپے ریکارڈ کی گئی۔

قائداعظم بین الصوبائی گیمز پنجاب کی میڈل ٹیبل پر سبقت برقرار

پنجاب کے کھلاڑیوں نے اب تک 53 گولڈ، 40 سلور اور 23 برونز میڈلز سمیت مجموعی طور پر 116 میڈلز حاصل کیے ہیں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قائداعظم بین الصوبائی گیمز میں پنجاب نے میڈل ٹیبل پر سبقت حاصل کرلی۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام جاری قائداعظم بین الصوبائی گیمز میں اب تک کی کارکردگی کے مطابق پنجاب نے سب سے زیادہ میڈلز جیت کر اپنی برتری قائم رکھی ہے۔ گیمز میں پنجاب کے کھلاڑیوں نے اب تک 53 گولڈ، 40 سلور اور 23 برونز میڈلز سمیت مجموعی طور پر 116 میڈلز حاصل کیے ہیں جو کسی بھی ایونٹ کے لیے سب سے زیادہ ہیں۔ خیبرپختونخوا 10 گولڈ، 17 سلور اور 24 برونز میڈلز کے ساتھ 51 میڈلز جیت کر دوسری پوزیشن پر ہے جب کہ سندھ نے 11 گولڈ، 13 سلور اور 19 برونز میڈلز جیت کر 43 میڈلز کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ بین الصوبائی گیمز میں بلوچستان نے 12 گولڈ، 10 سلور اور 17 برونز میڈلز جیتے ہیں جب کہ اسلام آباد 5 گولڈ، 6 سلور اور 26 برونز میڈلز کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ آزاد جموں وکشمیر کے کھلاڑیوں نے ایک گولڈ، 4 سلور اور 12 برونز میڈلز جیتے ہیں جب کہ گلگت بلتستان کے حصے میں اب تک 2 گولڈ اور 8 برونز میڈلز آئے ہیں۔ ڈی جی پاکستان سپورٹس بورڈ کے مطابق کل 313 میڈلز تقسیم کیے جاچکے ہیں جن میں 92 گولڈ، 92 سلور اور 129 برونز میڈلز شامل ہیں۔

رونالڈو انتخاب لڑیں گے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) برازیل کے سٹار فٹبالر رونالڈو ملکی فٹبال کنفیڈریشن کی صدارت کیلئے انتخاب لڑیں گے۔ 2026ء میں موجودہ صدر ایڈنالڈو روڈریگز کی جگہ لینے کیلئے سی بی ایف کے انتخابات میں امیدوار کے طور پر حصہ لیں گے۔ انہوں نے گلوبو اسپورٹ کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ میں برازیلین ٹیم کے وقار اور عزت کو بحال کرنا چاہتا ہوں جو ماضی میں ہمارے پاس تھا لیکن آج اس پر دیگر ممالک نے اختیار ڈال لیا ہے۔ رونالڈو نے مزید کہا کہ ہم نے اگر جلد ہی کلبز کیساتھ معاہدوں پر پابندی عائد نہیں کی یا اس سے متعلق کوئی حل تلاش نہ کیا تو ہم پیچھے رہ جائیں گے۔

سٹی جمخانہ نے نیو یونین کلب کو 4 وکٹوں سے شکست دیدی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) 40 ویں محمد یاسین اختر میموریل ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں سٹی جمخانہ نے حریف نیو یونین کلب کو 4 وکٹوں سے شکست دیدی۔ ٹورنامنٹ کا افتتاح ایسٹ زون کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر بلال مقبت نے کیا۔ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے انکا تعارف کروایا گیا۔ ریس کورس کرکٹ گراؤنڈ پر نیو یونین کلب نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر 132 رنز سکور کیے۔ سٹی جمخانہ نے مطلوبہ ہدف 17.2 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 133 رنز بنا کر حاصل کرلیا۔ عمیر سعید اور جہانگیر بلال کو مشترکہ مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

تکنیکی نہیں ذہنی مسئلہ ہے بھارتی کرکٹرز کی کوہلی پر تنقید

لاہور (سپورٹس رپورٹر) بھارت کے سٹار بیٹر ویرات کوہلی ایک بار پھر آف سٹمپ سے باہر جاتی گیند پر آؤٹ ہونے کے بعد تنقید کی زد میں آگئے بار بار وکٹوں سے باہر جاتی گیند پر سلپ یا کیپر کے ہاتھوں کیچ آؤٹ ہونے پر سابق بھارتی کرکٹرز نے کوہلی پر تنقید کرتے ہوئے انہیں کچھ مشورے بھی دیئے ہیں۔ سابق بھارتی کرکٹر دیپ داس گپتا نے کہا کہ کوہلی کا تکنیکی نہیں، یہ ذہنی مسئلہ ہے۔

پی ایس ایل سیزن 10 کی ڈرافٹنگ لاہور یا کراچی میں کرانے کا امکان

PSL
ZALMI
SULTANS

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کی ڈرافٹنگ لاہور یا کراچی میں کرائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایک میٹنگ میں ڈرافٹ بیرون ملک کرانے کی تجویز سامنے آئی تھی جبکہ حالیہ میٹنگ میں پاکستان میں ہی ڈرافٹ کرانے کا فیصلہ ہوا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ بیرون ملک ڈرافٹ کرانے کا یہ مناسب وقت نہیں ہے، پاکستان کی لیگ کا ڈرافٹ پاکستان میں ہی مناسب ہے، پاکستان سپر لیگ کی ڈرافٹنگ 11 جنوری کو ہوگی۔ ذرائع نے بتایا کہ پی ایس ایل سیزن 10 کے تمام میچز بھی پاکستان میں ہوں گے اس سے پہلے پی ایس ایل کے چند میچز بیرون ملک کرانے کی تجویز سامنے آئی تھی۔

پیراگون کرکٹ کلب نے ایم پی جمخانہ کرکٹ کلب کو ہرا دیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) اعجاز تھرو ون کرکٹ چیمپئن شپ کے اہم میچ میں پیراگون کرکٹ کلب نے ایم پی جمخانہ کرکٹ کلب کو با آسانی 9 وکٹوں سے شکست دے دی۔ وی کشمیر گراؤنڈ میں ایم پی جمخانہ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 26.3 اوورز میں تمام وکٹوں کے نقصان پر 118 رنز بنائے۔ پیراگون کلب نے ہدف 14 اوورز میں صرف 1 وکٹ کے نقصان پر عبور کرلیا۔ زین الحسن بہترین پرفارمنس پر میچ کے بہترین کھلاڑی قرار پائے۔ پیراگون کلب کے صدر آصف عزیز نے زین الحسن اور قمر زمان کو عمدہ کارکردگی پر خصوصی کیش پرائز دیا۔

ٹم ساؤتھی کا ٹیسٹ کیریئر اختتام پذیر

لاہور (سپورٹس رپورٹر) نیوزی لینڈ کے فاسٹ باؤلر ٹم ساؤتھی کا ٹیسٹ کیریئر جیت کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ 36 سالہ ٹم ساؤتھی نے ہیملٹن میں انگلینڈ کے خلاف کیریئر کا آخری ٹیسٹ میچ کھیلا جس میں نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کو شکست دی۔ ٹم ساؤتھی نے آخری ٹیسٹ میچ میں 2 وکٹیں حاصل کیں جبکہ اپنے کیریئر میں انہوں نے 107 ٹیسٹ میچز میں 391 وکٹیں حاصل کیں۔ ٹم ساؤتھی 161 ون ڈے اور 123 ٹی 20 میچز بھی کھیل چکے ہیں۔

پنجاب سکواش ٹیم کی کامیابیوں کا سلسلہ جاری

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قائداعظم گیمز میں پنجاب کی ٹیم کی کامیابیوں کا سلسلہ جاری، پنجاب کی ٹیم نے سکواش میں بھی کامیابیاں سمیٹ لیں پنجاب کی سکواش ٹیم نے خیبر پختونخوا کو شکست دے کر لڑکوں کے مقابلے میں گولڈ میڈل جیت لیا قائداعظم گیمز میں پنجاب کی لڑکیوں کی سکواش ٹیم کے مقابلے میں بھی سلور میڈل کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہی۔ پنجاب کی سکواش ٹیم کی جیت پر پنجاب سکواش ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر محمد منصور اور ڈائریکٹر پی ایس اے مامون خان نے مبارکباد دی ہے۔

پاکستانی کلچر عالمی سطح پر متعارف کرانے کیلئے مختلف ممالک کے سفارتخانوں سے رابطے کرینگے، تنویر ماجد

لاہور چیمبر آف کامرس سے ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے استفادہ حاصل کر رہے ہیں: ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل

لاہور (جبار صدیقی سے) پاکستانی کلچر کو عالمی سطح پر متعارف کروانے کیلئے مختلف ممالک کے سفارتخانوں سے رابطے کرینگے اور ان ممالک کے ثقافتی وفود کو پاکستان میں مدعو کرینگے ان خیالات کا اظہار ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل تنویر ماجد نے کلچرل رپورٹرز سے ملاقات کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس میں کلچرل کارنر بنانے اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے استفادہ حاصل کرینگے، پنجاب بھر کے آرٹسٹوں کو اوپر لانے کیلئے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں فروری میں ملتان میں ایک بڑا ایونٹ کرینگے جبکہ لاہور میں اوپن ایئر تھیٹر باغ جناح کو فعال بنادیا گیا ہے وہاں ثقافتی سرگرمیاں مزید تیز کررہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ کمرشل تھیٹرز کو قانون کے دائرے میں لانے کیلئے ڈرامہ ایکٹ بہت جلد اسمبلی سے منظور ہوجائیگا اس حوالے سے فحاشی کے خاتمے کیلئے سخت اقدامات کرینگے فحاشی اور عریانی میں ملوث فنکاروں کو نہ صرف بین کرینگے بلکہ ان پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے اس سلسلہ میں بہت جلد تھیٹرز مالکان اور پروڈیوسرز سے میٹنگز کرینگے ایگزیکٹو ڈائریکٹر تنویر ماجد نے مزید کہا کہ اس حوالے سے کلچرل جرنلسٹس فاؤنڈیشن آف پاکستان کے ممبران کی تجاویز سے استفادہ کرینگے اور میں امید کرتا ہوں کہ ہم ملکر تھیٹرز سے فحاشی اور عریانی کا خاتمہ کرینگے۔

اسرائیل کا طرطوس پر جدید میزائلوں سے حملہ، شہر دھماکوں سے لرز اٹھا

8 گھنٹوں تک ہونے والی بمباری سے شہر میں کئی مقامات پر آگ بھڑک اٹھی، 85 فیصد عسکری سامان تباہ

شدید بمباری کے باعث حملے کا نشانہ بننے والے علاقے ریکٹر اسکیل پر 3 کی شدت کے برابر جھٹکوں سے لرز اٹھے

شام میں اسرائیلی حملوں میں تیزی، ساحلی شہر طرطوس پر 8 گھنٹے تک شدید بمباری۔ اسرائیلی فضائیہ نے گزشتہ شب ایک بار پھر شام کے ساحلی شہر طرطوس کو نشانے پر رکھ لیا، 8 گھنٹوں تک ہونے والی بمباری کے نتیجے میں شہر زوردار دھماکوں سے گونج اٹھا۔ کئی مقامات پر آگ بھڑک اٹھی۔ انٹرنیشنل میڈیا رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فضائیہ نے 10 سے زیادہ حملے کیے، بمباری اتنی شدید تھی کہ حملے کا نشانہ بننے والے علاقے ریکٹر اسکیل پر 3 کی شدت کے برابر جھٹکوں سے لرز اٹھے۔ رپورٹ کے مطابق شام میں جن اہداف کو نشانہ بنایا گیا ان میں فضائی دفاع کے یونٹ اور زمین سے زمین تک مار کرنے والے میزائلوں کے گودام شامل ہیں۔ گزشتہ رات ہونے والے یہ حملے 2012 سے اب تک کے شدید ترین حملے تھے۔ ان حملوں سے متعلق شامی فوجی افسر کا کہنا ہے کہ یہ پہلا موقع تھا جب شہر کو اسرائیلی بمباری میں اتنے بڑے پیمانے پر نشانہ بنایا گیا۔ شامی افسر کے مطابق اسرائیل نے ایسے میزائل استعمال کیے جو شاید پہلی مرتبہ شام پر بمباری میں استعمال ہوئے کہ دھماکوں کی آوازیں 10 کلومیٹر سے زیادہ دوری تک سنی گئیں۔ اس شدید بمباری کے سبب علاقے میں رہنے والے شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ شامی فوج کے سابق میجر جنرل کمال الملوی کے مطابق حالیہ اسرائیلی حملوں میں شامی فوج کے عسکری ساز وسامان کا 85 فیصد حصہ تباہ ہوگیا ہے۔ واضح رہے کہ 8 دسمبر سے اب تک اسرائیل نے شام کے مختلف علاقوں میں 500 سے زیادہ فضائی حملے کرچکا ہے۔

چکن تکہ چاکلیٹ بنانے والے شخص کو جیل بھیجنے کا مطالبہ

سوشل میڈیا پر مختلف تجرباتی کھانوں کا ٹرینڈ جہاں توجہ کا مرکز بنتا ہے وہیں بہت سے لوگ اس ٹرینڈ کے سخت خلاف ہوتے ہیں۔ جیسا کہ اس بار چکن تکہ چاکلیٹ کی کھچڑی بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کردی گئی اور اس ریسپی بنانے والے شخص کو صارفین نے خوب آڑے ہاتھوں لیا۔ ویڈیو میں ایک سکھ شیف کی جانب سے اس غیر معمولی میٹھے (Dessert) کی ترکیب بتائی جاتی ہے، وہ چاکلیٹ سے بنے ایک پیالے کو چکن تکہ سے بھرتا ہے اور اسے مزید چاکلیٹ سے ڈھانپ دیتا ہے اور پھر اسے فریز کردیتا ہے۔

بشار الاسد نے 250 ملین ڈالر روس منتقل کیے

سابق شام کے صدر بشار الاسد کے مرکزی بینک نے 2 سالوں میں ماسکو میں تقریباً 250 ملین ڈالر کی نقدی رقم بھیجی۔ یہ اس وقت ہوا جب اسد نے روس کو فوجی مدد کے لیے شام کو مقروض کیا اور ان کا خاندان خفیہ طور پر روس میں جائیدادیں بنانے میں مصروف رہا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق بشار الاسد غیر ملکی کرنسی کی شدید قلت کے باوجود روس کے شہر ماسکو کے ونوکوو ایئرپورٹ پر تقریباً دو ٹن نقدی (100 ڈالرز کے بل اور 500 یوروز کے نوٹوں میں) بھیجی۔ یہ رقم 2018 اور 2019 کے درمیان روسی بینکوں میں جمع کی گئی تھی جو بین الاقوامی پابندیوں کے تحت تھے۔ بشار الاسد کی قیادت میں شام کی حکومت روس کو ایک خطیر رقم بھیج رہی تھی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ روس بشار الاسد کو فوجی مدد فراہم کرکے اقتدار میں رہنے میں مدد کرتا رہا ہے۔ مغربی پابندیوں کے نتیجے میں، شام عالمی مالیاتی نظام سے منقطع ہوگیا ہے، جس کی وجہ سے روس اس کے پیسے کی اہم منزل بن گیا ہے۔ بشار الاسد حکومت کے خاتمے کے بعد شام میں نائٹ کلب دوبارہ کھل گئے۔

برطانیہ کا بھی تحریر الشام سے رابطوں کا اعتراف

شامیوں کی مدد کیلئے پچاس ملین پاؤنڈ کے امدادی پیکیج کا بھی اعلان

امریکا کے بعد برطانیہ نے بھی حیات تحریر الشام سے رابطوں کا اعتراف کرلیا ہے۔ برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی نے کہا کہ تحریر الشام دہشت گرد تنظیم ہے لیکن سفارتی رابطہ کرسکتے ہیں۔ برطانیہ نے شامیوں کی مدد کے لیے پچاس ملین پاؤنڈ کے امدادی پیکیج کا بھی اعلان کیا۔ امریکا نے تحریر الشام کو 2018 میں دہشت گرد تنظیم قرار دیا تھا۔ دوسری جانب بشار الاسد حکومت کے خاتمے کے بعد دمشق میں معمولات زندگی بحال ہونا شروع ہوگئے ہیں اور لوگوں نے معمولات زندگی کا آغاز کردیا ہے۔ قطر نے بھی 13 سال بعد دمشق میں اپنا سفارت خانہ دوبارہ کھولنے کا اعلان کردیا۔ ترکیہ نے بھی 12 سال بعد اپنے سفارت خانے پر پرچم لہرا دیا۔ ترک سفارت خانہ 2012 میں خانہ جنگی کے باعث بند کردیا گیا تھا۔

خوفناک طوفان فرانس سے ٹکرا گیا، ہزاروں ہلاکتوں کا خدشہ

124 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہواؤں کے ساتھ جزیرے میوٹ کو نشانہ بنایا

براعظم افریقا میں سمندری طوفان چیڈو نے فرانسیسی جزیرے میوٹے میں صدی کے بدترین طوفان نے ہر طرف تباہی مچادی۔ طوفان بحر ہند میں مایوٹے جزیرے سے ٹکرایا۔ رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق ایک مقامی اہلکار نے بتایا کہ فرانس میں خوفناک سیلاب میں ہزاروں اموات کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ طوفان سے موزمبیق کے ساحلی شہر میں سڑکیں زیر آب آگئیں، بجلی کے کھمبے گر گئے۔ طوفان کا رخ زمبابوے اور ملاوی کی طرف ہوگیا۔ فرانسیسی حکام نے خبردار کیا کہ سائیکلون چیڈو سے ہونے والا نقصان تباہ کن ہے، جس میں سیکڑوں یا ہزاروں افراد ممکنہ طور پر ہلاک ہوسکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سمندری طوفان چیڈو نے 124 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے انتہائی تیز ہواؤں کے ساتھ فرانس کے میوٹ کو نشانہ بنایا، جس سے کچے گھروں، سرکاری عمارتوں اور ایک ہسپتال کو شدید نقصان پہنچا۔ یہ 90 سال سے زائد عرصے میں جزائر سے ٹکرانے والا سب سے طاقتور طوفان تھا۔

امریکا، ملک بدری کیلئے فہرست تیار، لاکھوں نام شامل

جعلی دستاویزات کے ساتھ مقیم تارکین وطن کی ملک بدری ٹرمپ کی اولین ترجیح

نومنتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 20 جنوری 2025 کو منصب سنبھالنے کے بعد امریکی تاریخ کی سب سے بڑی ملک بدری کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ امریکی امیگریشن اینڈ کسٹم انفورسمنٹ نے ملک بدری کے لئے تقریباً 15 لاکھ افراد کی فہرست تیار کی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اس کی خاص بات یہ کہ اس فہرست میں تقریباً 18 ہزار ہندوستانی شہریوں کے نام بھی شامل ہیں۔ جنہیں ممکنہ طور پر امریکا سے ملک بدر کردیا جائے گا۔ آئی سی ای کے مطابق امریکا میں جعلی دستاویزات کے ساتھ مقیم تارکین وطن کو ملک سے باہر نکالنا ٹرمپ کا بارڈر سیکورٹی اولین ایجنڈا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی ڈونلڈ ٹرمپ 20 جنوری کو عہدہ سنبھالنے کے بعد وسیع پیمانے پر تبدیلیاں کرنے کے بارے میں بات کر چکے ہیں۔ انہوں نے ایک چینل کو انٹرویو میں کہا تھا کہ انہیں امریکا میں موجود تمام غیر قانونی تارکین وطن کو ملک بدر کرنے اور پیدائشی شہریت ختم کرنے سمیت انتخابی مہم کے کیے گئے تمام وعدوں کو فوری پورا کرنا ہوگا۔

بشار الاسد کے بعد شام میں نائٹ کلب دوبارہ کھل گئے

حکومت کا تمام سماجی اور مذہبی گروہوں کے ساتھ رواداری کی پالیسی اپنانے کا اعلان

بشار الاسد کی حکومت کے خاتمے اور دمشق میں اپوزیشن فورسز کے عروج کے بعد شراب خانے اور نائٹ کلب دوبارہ کھل گئے۔ ایجنسی فرانس پریس کی رپورٹ کے مطابق شام میں نئی حکومت ملک کے تمام سماجی اور مذہبی گروہوں کے ساتھ رواداری کی پالیسی اپنائے گی۔ حیات تحریر الشام کے ایک رکن جس نے اپنا نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر ایجنسی فرانس پریس کو بتایا، شراب پر پابندی کے بارے میں بات کرنا درست نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا، حل کرنے کیلئے بڑے مسائل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق شام میں ایک بڑی عیسائی اقلیت آباد ہے، جو کرسمس کا جشن مناتے ہیں اور اس کرسمس کی تقریبات کی تیاریاں دمشق میں تیزی سے دکھائی دے رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق شام میں نائٹ کلبوں کا دوبارہ کھلنا نئی حکومت کے نقطہ نظر میں تبدیلی کا اشارہ دیتا ہے، جو ملک میں مختلف سماجی اور مذہبی گروہوں کو رواداری اور توازن پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ اس اقدام سے کشیدگی کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق شام کو خانہ جنگی کے بعد تعمیر نو میں چیلنجز کا سامنا ہے، اس کی مسیحی آبادی کی طرف سے کرسمس کا جشن برادریوں کے درمیان ہم آہنگی برقرار رکھنے کی جاری کوششیں ملک کے سماجی منظر نامے کی پیچیدگی اور سیاسی تبدیلیوں کے درمیان ثقافتی روایات کے تحفظ کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہیں۔

گولان، اسرائیل کا یہودی بستیوں میں توسیع کا اعلان

صیہونی شامی علاقوں پر قبضے کی بھاری قیمت چکائیں گے، ایران کی وارننگ

اسرائیل نے مقبوضہ گولان کی پہاڑیوں پر یہودی بستیوں میں توسیع کا اعلان کردیا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق وزیراعظم نیتن یاہو نے پہاڑی پر یہودی آبادکاری کے توسیعی منصوبے کی منظوری دے دی ہے اور کہا ہے کہ اسرائیل گولان کی پہاڑیوں پر قبضہ جاری رکھے گا، فوج بھی موجود رہے گی۔ شام پر اسرائیل کے فضائی حملے بھی جاری ہیں، صیہونی فوج نے شام کی فوجی تنصیبات پر ایک ہفتے میں 800 بار بمباری کی، اس دوران جنوبی شہر قنیطرہ کا سارا انفرا اسٹرکچر تباہ کردیا گیا۔ تین شامی قصبوں پر بھی اسرائیل نے قبضہ کرلیا۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے نومنتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے رابطہ کیا ہے، خبر ایجنسی کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان غزہ اور شام کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا اور غزہ میں زیر حراست اسرائیلی اور غیر ملکی یرغمالیوں کی رہائی کے لیے حالیہ پیش رفت پر بھی بات چیت کی گئی۔ اسرائیلی وزیراعظم نے کہا کہ شام کے ساتھ تنازعے میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتے، شام میں اسرائیلی کارروائیوں کا مقصد ممکنہ خطرات کو ناکام بنانا ہے۔ ایران نے اسرائیل کو انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ صیہونی شامی علاقوں پر قبضے کی بھاری قیمت چکائیں گے، شام اسرائیلی فوج کا مدفن بنے گا۔

دوسری جنگ عظیم بچ جانے والا امریکی سپاہی 100 سال کی عمر میں چل بسا

دوسری جنگ عظیم کے دوران جاپان کے بحری حملے میں بچ جانے والا امریکی بحریہ کا سابق سپاہی 100 سال کی عمر میں چل بسا۔ امریکی میڈیا کے مطابق امریکی بحریہ کے سابق سپاہی باب فرینڈیز جو 7 دسمبر 1941 کو امریکا کے جزائر ہوائی میں پرل ہاربر پر جاپانی فوج کے حملے میں زندہ بچ گئے تھے، 100 سال کی عمر میں گزشتہ دنوں کیلیفورنیا میں چل بسے۔ وہ دوسری جنگ عظیم میں امریکی بحریہ کے جہاز USS Curtiss پر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔

غزہ، نصیرات کیمپ پر اسرائیلی بمباری، الجزیرہ کا کیمرہ مین شہید

اسرائیلی فوج کی وسطی غزہ کے نصیرات کیمپ پر بمباری سے ڈیوٹی پر موجود قطری چینل الجزیرہ کے کیمرہ مین احمد اللوح شہید ہوگئے۔ غزہ میڈیا دفتر کے مطابق اسرائیلی حملوں سے غزہ میں شہید ہونے والے صحافیوں کی تعداد 196 ہوگئی ہے۔ غزہ حکام نے عالمی برادری سے فلسطین میں صحافیوں کا قتل عام رکوانے کے لیے اسرائیل پر دباؤ ڈالنے کا مطالبہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ اسرائیلی فوج کے غزہ میں جاری حملوں میں گزشتہ روز مزید 22 فلسطینی شہید ہوئے ہیں۔

سمندری طوفان کی زد میں آکر روسی آئل ٹینکر دو حصوں میں تقسیم

روس کے دو بحری آئل ٹینکرز بحیرہ اسود میں طوفان کی زد میں آگئے، روسی حکام کے مطابق طوفان سے ایک ٹینکر دو حصوں میں تقسیم ہوگیا، حادثے میں ایک شخص ہلاک ہوا جبکہ بارہ کو بچا لیا گیا۔ دونوں ٹینکروں میں چار ہزار دو سو ٹن تیل موجود تھا، ڈوبنے ہوئے ٹینکر سے تیل کا رساؤ بھی شروع ہوگیا ہے۔ تیل کا پھیلاؤ روکنے اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ سمندری طوفان کی زد میں آنے والے دوسرے ٹینکر کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے اور اس پر 14 افراد سوار تھے۔

شامی باغی رہنما کے ساتھ لڑکی کی تصاویر وائرل

بہت سی خواتین فتح کے جشن میں شرکت کی، آزادی دلانے پر باغیوں کا شکریہ

شام میں بشار الاسد کی حکومت کے خاتمے پر عوامی سطح پر جشن منایا گیا۔ جشن کی تقریب میں تحریر الشام کے رہنما محمد الجولانی کے ساتھ ایک خوبصورت لڑکی کی تصاویر نے سب کی توجہ حاصل کرلی ہے۔ انٹرنیٹ پر صارف پوچھ رہے ہیں کہ یہ لڑکی کون ہے؟ محمد الجولانی نے سینکڑوں تصاویر بنوائی لیکن ایک تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی جس میں انہیں ایک شامی لڑکی کے ساتھ دیکھا جاسکتا ہے۔ اس تصویر کی دلکش بات یہ ہے کہ جب شامی لڑکی نے الجولانی سے تصویر بنوانے کی خواہش کی تو تحریر الشام کے رہنما محمد الجولانی نے لڑکی کی خواہش کا احترام کیا اور ساتھ ہی اپنی فرمائش بھی کروالی۔ لڑکی نے یہ بھی بتایا کہ بہت سی خواتین اور لڑکیوں نے حجاب کے بغیر فتح کے جشن میں شرکت کی۔

عالمی شہرت یافتہ طبلہ نواز اور موسیقار استاد ذاکر حسین کا انتقال ہوگیا

عالمی شہرت یافتہ طبلہ نواز اور موسیقار استاد ذاکر حسین کا انتقال ہوگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 73 سالہ موسیقار استاد اللہ رکھا کے صاحبزادے تھے اور امریکا کے شہر سان فرانسسکو کے ایک اسپتال میں زیر علاج تھے۔ رپورٹس کے مطابق، استاد ذاکر حسین کو دل کی بیماری کے باعث پچھلے ایک ہفتے سے اسپتال میں داخل کیا گیا ہے، وہ آئی سی یو میں تھے۔ معروف بانسری نواز راکیش چوراسیا نے خبر رساں ادارے پی ٹی آئی کو بتایا کہ استاد ذاکر حسین کو بلڈ پریشر اور دل کی صحت سے متعلق مسائل کا سامنا تھا۔

شام پر اسرائیلی حملوں کے باوجود نئے محاذ نہیں کھول سکتے، الجولانی

نئے تنازعات میں اُلجھنے میں دلچسپی نہیں رکھتے، اس مرحلے پر تعمیر نو اور استحکام پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں

اسرائیلی دلائل کمزور ہوچکے ہیں اور اب ان کی حالیہ خلاف ورزیوں کا جواز نہیں بنتا، باغی رہنما کا انٹرویو

شام کے ڈی فیکٹو لیڈر احمد الشرع (ابو محمد الجولانی) نے کہا ہے کہ اسرائیل شام پر اپنے حملوں کا جواز پیش کرنے کیلئے جھوٹے بہانے کررہا ہے لیکن وہ نئے تنازعات میں اُلجھنے میں دلچسپی نہیں رکھتے کیونکہ ملک بشار الاسد کی حکومت کے خاتمے کے بعد تعمیر نو پر توجہ مرکوز کررہا ہے۔ ابو محمد الجولانی حیات تحریر الشام گروپ کی قیادت کرتے ہیں جس نے گزشتہ ہفتے بشار الاسد کو اقتدار سے ہٹا کر خاندان کی پانچ دہائیوں پر محیط حکومت کا خاتمہ کیا۔ برطانوی خبر رساں ادارے روئٹرز کے مطابق بشار الاسد کی حکومت ختم ہونے کے بعد اسرائیل شام کے اندر ایک غیر فوجی زون میں چلا گیا ہے جسے 1973 کی عرب اسرائیل جنگ کے بعد بنایا گیا تھا، بشمول سٹرٹیجک پہاڑ ہرمون کا شامی حصہ، جہاں اس نے ایک شامی فوجی چوکی پر قبضہ کرلیا۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور اردن سمیت کئی عرب ممالک نے اسرائیل کی جانب سے گولان کی پہاڑیوں کے ساتھ بفرزون پر قبضے کی مذمت کی ہے۔ ابو محمد الجولانی نے حزب اختلاف کے ایک حامی چینل شام ٹی وی کی ویب سائٹ پر شائع ہونے والے ایک انٹرویو میں کہا کہ اسرائیلی دلائل کمزور ہوچکے ہیں اور اب ان کی حالیہ خلاف ورزیوں کا جواز نہیں بنتا۔ اسرائیلیوں نے واضح طور پر شام میں حدود کو عبور کیا ہے، جس سے خطے میں غیر ضروری طور پر کشیدگی بڑھنے کا خطرہ ہے۔ برسوں کے تنازعات اور جنگ کے بعد شام کی جنگ زدہ حالت نئے تصادم کی اجازت نہیں دیتی۔ اس مرحلے پر ترجیح تعمیر نو اور استحکام ہے، ایسے تنازعات میں نہ الجھیں جو مزید تباہی کا باعث بنیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سلامتی اور استحکام کو یقینی بنانے کا واحد راستہ سفارتی حل ہے اور یہ کہ فوجی مہم جوئی نہیں چاہتے۔ روس کی فوجی مداخلت نے تقریباً ایک دہائی قبل بشار الاسد کے حق میں توازن قائم کرنے میں مدد کی تھی اور اس نے اس ہفتے کے شروع میں معزول رہنما کو پناہ دی تھی۔

یوکرین پر حملوں میں شمالی کورین دستے بھی ملوث ہیں، زیلنسکی

یوکرینی صدر نے کہا ہے کہ روس نے کرسک ریجن میں یوکرینی اہداف پر حملوں کیلئے بھاری تعداد میں شمالی کوریائی دستوں کی خدمات لینا شروع کردی ہیں۔ فی الحال اس پر روسی ردعمل سامنے نہیں آیا۔ یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی نے دعویٰ کیا ہے کہ روس نے شمالی کوریائی فوجیوں کو کرسک کے خطے میں یوکرینی فوج کے خلاف تعینات کرنا شروع کردیا ہے۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ شب اپنی یومیہ بریفنگ کے دوران کہی۔ زیلنسکی کے بقول ان کے پاس ابتدائی ڈیٹا موجود ہے جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ روس نے اپنے حملوں میں ایک بڑی تعداد میں شمالی کوریائی دستوں کی مدد لینا شروع کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 1

کا تنظیمی ڈھانچہ کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ان سوالات پر مذاکرات ہونے کے بعد جب حکومت مطمئن ہوگئی تو اس وقت ایک قانون سازی ہوئی اور اس میں کہا گیا کہ دینی مدارس محتاط رہیں گے کہ ان میں کسی طرح بھی فرقہ وارانہ تعلیم نہ ہو، شدت پر آمادہ کرنے والا کوئی مواد پیش نہ کیا جائے

بقیہ بقیہ جات 2

روز آغاز پر ہی سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، ٹریڈنگ کے اختتام پر پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 1876 پوائنٹس اضافے کے ساتھ 1 لاکھ 16 ہزار 169 پوائنٹس کی بلند ترین سطح پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب انٹر بینک میں ڈالر مزید گراوٹ کا شکار ہے۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز انٹر بینک میں امریکی کرنسی 7 پیسے سستی ہوگئی جس کے بعد انٹر بینک میں ڈالر 278.17 روپے سے کم ہو کر 278.10 روپے پر ٹریڈ ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

کرتے ہوئے جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ ہم نے کلائمیٹ چینج اتھارٹی کو ٹیک اپ کیا، پاکستان کی آئینی عدالتیں انوائرمنٹ کے معاملہ کو دیکھ رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک کو شدید ترین موسمیاتی تبدیلی کے مسائل کا سامنا ہے، پاکستان کے جج کو کلائمیٹ چینج پر بہت کچھ دیکھنا ہوتا ہے، ڈیزاسٹر مینجمنٹ و دیگر مسائل کو دیکھنا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلر کہار میں سیمنٹ پلانٹ کا کیس سامنے آیا

بقیہ بقیہ جات 4

کی۔ دوران سماعت ڈپٹی اٹارنی نے عدالت میں رپورٹ جمع کرائی، جس کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کے خلاف اسلام آباد میں 32 اور پنجاب میں 33 مقدمات درج ہیں۔ عدالت نے علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو 16 جنوری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کو متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کی بھی ہدایت کردی۔

بقیہ بقیہ جات 5

کے ذریعے پیش نہ کرنے پر اڈیالہ جیل راولپنڈی کے حکام سے جواب طلب کرلیا۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف توہین الیکشن کمیشن و چیف الیکشن کمشنر کیس کی سماعت ہوئی، ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 3 رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا کہ گزشتہ سماعت پر کمیشن نے بانی پی ٹی آئی کی ویڈیو لنک سے حاضری کا حکم دیا تھا، ممبر سندھ نے استفسار کیا کہ کیا ویڈیو لنک سے حاضری کا بندوبست ہوا؟ حکام الیکشن کمیشن نے جواب دیا کہ ہماری طرف سے انتظامات مکمل ہیں، جیل کی طرف سے ویڈیو لنک ایکٹیو نہیں ہوا، ہمارا اسٹاف وہاں موجود ہے، جیمرز کی وجہ سے رابطہ نہیں ہو رہا، جیل حکام بالکل تعاون نہیں کر رہے۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو ویڈیو لنک پر نہیں آنے دیا جائے گا، بانی پی ٹی آئی کی تصویر اور بیان چلانے پر غیر اعلانیہ پابندی ہے، اگر ویڈیو لنک سے حاضری نہیں ہوتی تو کمیشن بانی پی ٹی آئی کو یہاں طلب کرے۔ وکیل کمیشن نے کہا کہ کوئی تکنیکی مسئلہ ہوسکتا ہے، پیش نہ کرنا دانستہ نہیں لگتا، ملزم کی حاضری کے بغیر شواہد ریکارڈ نہیں ہو سکتے۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، کمیشن اب جانے دے، کیس کو ڈراپ کر دیں۔ ممبر سندھ نے کہا کہ آپ تو کیس لڑ رہے ہیں، ہم کیسے ڈراپ کر دیں، فیصل چوہدری نے کہا کہ جیل حکام کے عدم تعاون پر بھی توہین کا کیس بنتا ہے۔ دلائل سننے کے بعد الیکشن کمیشن نے جیل حکام سے جواب طلب کرلیا اور معاملے کی مزید سماعت الیکشن کمیشن نے کیس کی سماعت 15 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 6

مشتمل کنٹرول روم ٹاؤن پلاننگ، انجینئرنگ، ہاؤسنگ اور میٹروپولیٹن کی ورکنگ کی سرویلنس کرے گا۔ بعد ازاں چیف سیکرٹری نے ایل ڈی اے کے امور سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ریوینو جنریشن اور جاری و مجوزہ منصوبوں بارے بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری نے ایل ڈی اے کی 850 کنال قیمتی پراپرٹی واگزار کرانے کے اقدام کو سراہا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ایل ڈی اے اپنی سکیموں میں ٹائٹل اونرشپ یقینی بنائے اور ایل ڈی اے سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی میں ترقیاتی کاموں کو تیز کیا جائے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈی جیز، چیف انجینئر ایل ڈی اے، چیف انجینئر ٹیپا، ایم ڈی واسا، چیف ٹاؤن پلانرز، چیف میٹروپولیٹن پلاننگ اور متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 7

بار پھر بے نقاب ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق ضلع پنجگور میں 13 دسمبر کو دوران آپریشن ہلاک ہونے والا ذاکر حسین لاپتہ افراد کے بھیس میں دہشت گرد نکلا۔ 25 سالہ ذاکر حسین ولد عبدالرزاق ضلع گوادر کے علاقے برز کپر کا رہائشی اور پبلک ہیلتھ کی واٹر سپلائی اسکیم میں سرکاری ملازم تھا۔ ذاکر حسین ڈیوٹی کے بجائے بلوچ یکجہتی کمیٹی کے مظاہروں میں شرکت کرتا رہا۔ ذاکر حسین بلوچ یکجہتی کمیٹی کی ذہن سازی کی بدولت خود کش حملہ آور بننے کیلئے پہاڑوں پر گیا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ذاکر حسین شروع سے ہی دہشت گرد تنظیم میں شامل تھا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی جبکہ اس کا ایک سال کا بیٹا بھی ہے۔ ذاکر حسین رواں سال اپریل میں پہاڑوں سے واپس آیا تو مہرنگ کی بلوچ یکجہتی کمیٹی نے اس کی واپسی کو بچاؤ کے طور پر پیش کر کے سیکیورٹی فورسز کو بدنام کرنے کی کوشش کی۔ دفاعی ماہرین کے مطابق بلوچ نوجوانوں کی ذہن سازی سے لے کر ان کو دہشت گردوں میں شامل کرنا بلوچ یکجہتی کمیٹی کا مکروہ دھندا ہے، جس سے متعدد بلوچ نوجوان جان سے گئے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کا ایجنڈا بلوچستان کی نوجوان نسل کو تباہ کرنا اور سیکیورٹی فورسز کو بدنام کرنا ہے۔ دفاعی ماہرین نے کہا کہ لاپتہ افراد کیمپئین اور جھوٹے پروپیگنڈے سے ریاست مخالف عناصر کا جھوٹ کھل کر سامنے آچکا ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی جھوٹی داستانیں بنا کر نوجوان بلوچوں کو دہشت گرد بننے پر مجبور کرتی ہے۔ بلوچوں کو نقصان پہنچانے کے اصل مجرم نام نہاد بلوچ یکجہتی کمیٹی جیسی تنظیموں میں شامل لوگ ہیں۔ یہ لوگ نوجوانوں کو سبز باغ دکھا کر دہشت گرد بنا دیتے ہیں۔ ذاکر حسین کی موت نے ثابت کیا کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی نے یہ ڈرامہ سیاسی کھیل اور ملک کو بدنام کرنے کے لیے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

صنعتی ترقی منجمد ہوچکی ہے۔ ایک بیان میں مزمل اسلم نے کہا کہ ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر میں صنعتی ترقی کی رفتار 0.2 فیصد رہی جبکہ رواں سال کے پہلے چار ماہ میں صنعتی ترقی کی رفتار 0.6 فیصد رہی ہے۔ مشیر خزانہ کے پی نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے کے وقت صنعتی ترقی 12 فیصد کی رفتار سے چل رہی تھی۔ مزمل اسلم نے کہا کہ اس وقت برآمدات دوڑ رہی تھی اور روزگار عروج پر تھا جبکہ اب معیشت کا پہیہ جام، بے روزگاری انتہا پر ہے اور لوگ ملک چھوڑ رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

پی ٹی آئی کنٹینر سے کرے تو ہم نے اپنی انتخابی مہم روک دی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سینئر قیادت شوکت خانم ہسپتال ان کی تیمارداری کیلئے گئی، ہم نے خیرسگالی کا پیغام دیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ مخالف سے مخالفت کرنے کا مزہ تب آتا ہے جب وہ میدان میں ہو، ہماری دانشمندی اور کاوش کو کمزوری سمجھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک کے عام آدمی کا مسئلہ غربت اور مہنگائی ہے، اسے حل کرنا ہمارا فرض ہے، نواز شریف نے اس ملک کے مفاد کی خاطر دوستی کا ہاتھ بڑھایا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے اس اچھے پیغام کو بھی کمزوری سمجھا گیا، ہماری سیاسی روایت ہے کہ ہم سیاسی مخالفین کی خوشی غمی میں شرکت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سیاسی قائدین نے ہمیں اخلاق کے دائرہ میں رہ کر تنقید کرنے کی تلقین کی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ مگر کنٹینر سے روزانہ گالم گلوچ کی سیاست کی جاتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے ملک میں ٹرین مارچ بھی کیا، بڑے جلسے بھی کیئے لیکن کبھی کسی کو تو تڑ کے نہیں بلایا، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو بھی خان صاحب کہہ کر پکارتے تھے، نواز شریف نے سیاست میں ہمیشہ دوراندیشی کا مظاہرہ کیا، یہ اپنے سیاسی مفاد کو تعصب کی نظر سے سوچتے ہیں۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ ملتان میں قاسم باغ کے جلسے میں بھگدڑ مچنے سے تحریک انصاف کے آٹھ سے دس کارکن ہلاک ہوئے، کیا یہ ان کے گھر تعزیت کے لئے گئے؟۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اموات کا جھوٹا بیانیہ بنایا، انہوں نے مصنوعی ذہانت کے استعمال سے اسلام آباد کی پوری سڑک کو خون میں لت پت دکھایا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ اگر یہ سچے ہیں تو ان کے اعداد وشمار کیوں مختلف ہیں، اگر ان کا بیانیہ سچ پر مبنی تھا تو پوری پارٹی ایک بات کرتی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کی روایت بھی بانی چیئرمین پی ٹی آئی نے رکھی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ انہوں نے رانا ثناء پر جھوٹا مقدمہ قائم کیا، انہوں نے اپنی صفوں میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو بھی نہیں بخشا، ہمارے بزرگوں نے پاکستان بنانے میں اپنا کردار ادا کیا ہے، ہم نے کہیں نہیں جانا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہزاد اکبر یہاں بیٹھا ہوا کرتے تھے، اس وقت بھی کہا تھا کہ خان صاحب یہ لوگ بھاگ جائیں گے، آج وہ کہاں ہیں؟ ان کی سیاست میں تکبر اور غرور تھا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دور میں اپوزیشن کو جیلوں میں بھیجا گیا، پارلیمنٹ میں اپوزیشن کے بینچ خالی پڑے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا فوکس معیشت پر ہے، آج شرح سود 13 فیصد پر آگئی ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 12 ارب ڈالر ہو چکے ہیں، معیشت درست سمت میں گامزن ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ انہیں یاد دہانی کرانا تھی کہ انہوں نے جھوٹا بیانیہ بنایا، غلط اعداد وشمار پیش کئے۔

بقیہ بقیہ جات 10

پی ٹی آئی کی رکن قومی اسمبلی زرتاج گل کی عبوری ضمانت منظور کرلی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے پانچ پانچ لاکھ کے مچلکوں کے عوض 5 مقدمات میں زرتاج گل کی 9 جنوری تک عبوری ضمانت منظور کرلی۔ جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ زرتاج گل اگر کسی اور مقدمہ میں بھی نامزد ہیں تو آج کی تاریخ میں ہی فائل کردیں۔ ذرائع کے مطابق زرتاج گل کیخلاف تھانہ رمنا، سیکریٹریٹ، کوہسار، ترنول اور آبپارہ میں مقدمات درج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کے دوران پولیس اہلکار شہید ہوئے ان کے لیے دعا کریں، پولیو کے خاتمے میں رکاوٹیں ڈالی جاتی ہیں جو انتہائی تشویشناک ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یونان کشتی حادثے میں 5 پاکستانی شہری جان کی بازی ہار گئے، 40 سے زیادہ لوگوں کو ریسکیو بھی کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے حادثات میں جن کے پیارے بچھڑ جائیں، وہ انہیں ساری زندگی یاد رکھتے ہیں، کشتی حادثے جیسے غیر قانونی طریقوں سے بے پناہ قیمتی جانیں ضائع ہوتی ہیں، بدقسمتی سے جولائی 2023 میں بھی کشتی حادثہ ہوا جس میں 260 پاکستانی جاں بحق ہوئے۔ شہباز شریف نے کہا کہ مرنے والوں میں سب سے زیادہ تعداد پاکستانیوں کی تھی، اس وقت ہم نے اس پر بڑی گہرائی میں جا کر فیصلے کیے تھے، تمام اداروں، وزارت خارجہ، داخلہ، بیرون ملک پاکستانی کے حوالے وزارت نے ہمہ گیر فیصلے کیے تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ایک سنجیدہ چیلنج ہے، اس پر میں چند دن میں متعلقہ وزراء کی میٹنگ بلا رہا ہوں، 2023 کے واقعے کا جائزہ لیں گے، اس کی روشنی میں مزید فیصلے کرنے پڑے، وہ کریں گے اور ان پر سختی سے عمل پیرا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کل اسٹیٹ بینک نے شرح سود مو مزید 2 فیصد کم کیا، جواب 22 فیصد سے 13 فیصد پر آگیا ہے، یہ کاروبار، صنعت و حرفت کے لیے، زراعت، سرمایہ کاروں اور برآمدکنندگان کے لیے بہت خوش آئند بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے اس سے ہماری پیداواری قابلیت بھی بڑھے گی اور پاکستان کی معیشت کو فائدہ ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس وقت ملک میں مہنگائی 2018 کے بعد کم ترین سطح پر ہے، اب ہمارے لیے موقع ہے کہ مل کر پاکستان کی معیشت کے پہیے تیزی سے گھمائیں تاکہ ان دنوں مضبوط ہوتی معیشت کا فائدہ اٹھائیں، پہلے اندرون ملک سرمایہ کاری کو فروغ دیں اور پھر بیرونی سرمایہ کاری بھی خود بخود آئے گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ اس کے لیے ہمارا ہوم گرون پروگرام تقریباً مکمل ہوچکا ہے اور اسی مہینے میں ہم ایک تقریب میں اس کا اعلان کریں گے، اس پر مل کر کوشش کریں گے تاکہ پاکستان کی معیشت آگے بڑھے۔

بقیہ بقیہ جات 12

اور 59 زخمی ہوئے جب کہ کچے کے علاقے سے 253 مجرمان کو گرفتار کیا گیا۔ مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا کہ 2023-24 کے دوران کچے کیا آپریشن میں مجموعی طور پر 27 سکیورٹی اہلکار شہید اور 36 اہلکار و افسران زخمی ہوئے جب کہ 23 دہشتگرد مارے گئے۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پنجاب میں سال 2023-24 میں ڈکیتی کی وارداتوں میں 29 فیصد کمی آئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جس نے 9 مئی کے روز ریاست پر حملہ کیا اس کو حساب اور جواب دینا پڑے گا، گنڈاپور کے گارڈز نے جو گولیاں چلائیں اس کی بھی تحقیقات ہونی چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 13

اعتراضات کے ساتھ سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ اعتراض ہے، میں درخواست گزار ہوں اور اِن پرسن ہوں۔ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آپ نے رٹ کس کے خلاف دائر کی ہے، آپ کیا چاہتے ہیں عدالت کس کو ڈائریکشنز دے؟ آپ نے اپنی درخواست میں صدر، وزیراعظم اور وزراء کو ان پرسن بلانے کا کہا ہوا ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ میں نے وزیراعظم اور وزراء کو اس لیے پارٹی بنایا کیونکہ 26 نومبر والے معاملے میں ملوث ہیں، اخبارات میں ثبوت موجود ہیں۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ ہم اب اخبارات کے تراشوں کی بنیاد پر تو کسی کو ان پرسن نہیں بلا سکتے۔ چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ میں نے یا آپ نے تحقیقات نہیں کرنی یہ اداروں کا کام ہے آپ اپنی رٹ کو پراپر بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

میں وزارت داخلہ کے ہیڈ کوارٹر میں ہوئی جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے وزرائے داخلہ نے سکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ دوران ملاقات شہزادہ عبدالعزیز اور محسن نقوی نے منشیات کی سمگلنگ سے نمٹنے کے اقدامات اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر گفتگو کی، انسداد منشیات کے حوالے سے تعاون بڑھانے بارے بھی بات چیت ہوئی۔ سعودی وزیر شہزادہ عبدالعزیز بن سعود نے اپنے پاکستانی ہم منصب محسن نقوی اور وفد کے دیگر ارکان کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ سعودی عرب سے ہر پاکستانی کا مذہبی عقیدت و احترام کا رشتہ ہے، سعودی عرب نے ہر مشکل میں ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا، سعودی عرب کی ویژنری قیادت اور عوام کیلئے نیک خواہشات رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی بے پایاں سپورٹ پر دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

ڈی 8 ممالک کے 11 ویں سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے جبکہ وزیرخارجہ اسحاق ڈار 18 دسمبر کو ڈی 8 وزراء کونسل کے 21 ویں اجلاس میں شریک ہوں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ سمٹ کا تھیم نوجوانوں پر سرمایہ کاری کرنا اور ایس ایم ایز کو سپورٹ کرنا ہے، وزیراعظم ڈی ایٹ کے نظریات کے لئے پاکستان کے مضبوط عزم کا اظہار کریں گے، نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور مالیاتی ترقی کے لئے پاکستان کی ترغیبات پر بھی روشنی ڈالیں گے۔ وزیراعظم کے ترجمان کا کہنا تھا کہ شہباز شریف ڈی 8 کے خصوصی اجلاس برائے انسانی کرائسز میں بھی شرکت ہوں گے اور مشرق وسطی میں اسرائیلی جارحیت کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر غور کریں گے۔ اسی طرح محمد شہباز شریف فلسطین کی صورتحال پر پاکستان کا اصولی موقف پیش کریں گے اور مشرق وسطی میں قیام امن پر زور دیں گے۔ خیال رہے سربراہی اجلاس کے موقع پر وزیراعظم کی شرکت کرنے والے رہنماؤں سے دوطرفہ ملاقاتیں متوقع ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

روپے کا قرض حکومت نے اپنے ذمے لے کر ہولڈنگ کمپنی میں اسٹاک کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ پی آئی اے کی نجکاری اور روز ویلٹ ہوٹل کی فروخت سے ملنے والی رقم کو ادائیگیاں کرنے کے لیے سیٹل کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی کے قرض کو سیٹل کرنے کے لیے بھی آئی ایم ایف کی جانب سے منظوری دے دی گئی ہے۔ روز ویلٹ ہوٹل کی فروخت کے لیے 6 ماہ میں جوائنٹ وینچر قائم کر کے تقریباً ایک ارب ڈالر تک فروخت کیے جانے کا تخمینہ لگایا گیا۔ اس سلسلے میں وزیراعظم کو پی آئی اے کے لیے ٹیکس چھوٹ، نقصانات ختم اور روز ویلٹ ہوٹل کی فروخت کے لیے جوائنٹ وینچر پر بریفنگ بھی دی گئی ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ پہلے آئی ایم ایف نے صرف انٹرنیشنل روٹس کے لیے طیاروں کی خریداری یا لیز پر سیلز ٹیکس چھوٹ کی اجازت دی تھی۔ جس کے بعد دوبارہ درخواست دینے پر مقامی روٹس کے لیے طیاروں کی خریداری اور لیز پر حاصل کرنے کے لیے سیلز ٹیکس چھوٹ کی رعایت بھی دے دی گئی ہے۔ پی آئی اے کے لیز پر طیاروں کو ماہانہ تقریباً 81 لاکھ روپے تک سیلز ٹیکس چھوٹ کی سہولت حاصل ہو سکے گی۔

بقیہ بقیہ جات 17

ہوں گے، محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحہ لائسنس کی توثیق کیلئے مراسلہ لکھ دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلحہ لائسنس پنجاب آرمز رولز 2023ء کے تحت کمپیوٹرائزڈ ہوں گے، سکیورٹی کمپنیوں اور اداروں کو پنجاب آرمز رولز 2023 کے مطابق فیس ادا کرنی ہوگی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کا کہنا تھا کہ اسلحہ لائسنس کی توثیق وکمپیوٹرائزیشن کا عمل جلد مکمل کیا جائے، اسلحہ لائسنس کمپیوٹرائزڈ کرنے کا مراسلہ سیکشن آفیسر جوڈیشل کی جانب سے بھجوایا گیا پہلے مرحلے میں انفرادی اسلحہ لائسنس مینوئل سے کمپیوٹرائزڈ کیے گئے تھے۔ انفرادی اسلحہ لائسنس کی کمپیوٹرائزیشن کیلئے 31 دسمبر 2020ء کی ڈیڈ لائن دی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 18

جج افضل مجوکا نے سماعت کی۔ ملزمان کی جانب سے جونیئر وکیل عدالت میں پیش ہوئے۔ جونیئر وکیل نے عدالت کو بتایا کہ سینئر کونسل جیل اڈیالہ کیس میں مصروف ہیں، آج پیش نہیں ہوسکتے۔ جس کے بعد عدالت نے کیس کی سماعت 7 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 19

پراپرٹیز کو آؤٹ سورس کر کے ریونیو لائیں گے۔ وزارت ہاؤسنگ کے ترجمان کے مطابق سینٹ قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے اجلاس میں شرکت کے موقع پر وفاقی وزیر نے کہا کہ وزارت ہاؤسنگ سے ہزاروں عام شہریوں کے مفادات وابستہ ہیں، پارلیمنٹ اور قائمہ کمیٹی کی اجتماعی کوششوں پر یقین رکھتا ہوں، خواہش ہے کہ وزارت کے معاملات میں سب کا تعاون حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ اجتماعی سوچ سے شفافیت یقینی بنائی جاسکتی ہے۔ ریاض حسین پیرزادہ نے کہا کہ ان ایک لاکھ چالیس ہزار افراد کیلئے فکر مند ہوں جنہوں نے ہاؤسنگ پراجیکٹس میں سرمایہ کاری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت ہاؤسنگ کے متعدد پراجیکٹس تعطل کا شکار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

لیے عمر ایوب راولپنڈی میں انسداد دہشت گردی کی عدالت پہنچے جہاں پر انہوں نے میڈیا سے مختصر گفتگو کی۔ عمر ایوب کا کہنا تھا کہ مذاکرات کے حوالے سے کسی سے کوئی رابطہ نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک یہ لوگ سنجیدہ نہیں ہوں گے مذاکرات نہیں ہوں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پی ٹی آئی کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا تھا کہ پارٹی قیادت نے بانی پی ٹی آئی کو درخواست کی کہ پہلے مذاکرات کا موقع دیا جائے، بدقسمتی سے حکومت کا رویہ انتہائی بچگانہ ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ حکومت شاید سمجھ رہی ہے کہ پی ٹی آئی کمزور پڑگئی ہے، اس لیے مذاکرات کی باتیں ہو رہی ہیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا تھا کہ چاہتے ہیں کہ ملک مزید مشکل میں نہ ہو لیکن حکومتی رویے نے مایوس کر دیا، مذاکرات کی وجہ سے سول نافرمانی کی تحریک کی تاریخ فائنل نہیں ہوئی تھی۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ مذاکرات نہیں ہوتے تو شاید بانی پی ٹی آئی کی طرف سے لائحہ عمل کا اعلان ہو جائے، لائحہ عمل سے ملک کو نقصان ہوگا تو ذمے داری حکومت پر عائد ہوگی، حکومت کے پاس بہت کم وقت رہ گیا ہے، سنجیدہ مذاکرات کی بات کرے۔

بقیہ بقیہ جات 21

دو رکنی بنچ نے شبلی فراز کی مقدمات کی تفصیل کے لئے دائر درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے مؤقف اپنایا کہ شبلی فراز سینیٹر ہیں اور مقدمات کی تفصیلات کے لئے درخواست دائر کی ہے، درخواست گزار کے خلاف مقدمات کی تفصیل فراہم کی جائے۔ عدالت نے سینیٹر شبلی فراز کی 16 جنوری تک حفاظتی ضمانت دے دی اور وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں سے درخواست گزار کیخلاف درج مقدمات کی رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 22

انصاف چاہیے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران علی محمد خان نے کہا کہ سیاستدان گولی نہیں چلاتے بات چیت کرتے ہیں، ہمارے دور میں پیپلزپارٹی اور جے یو آئی کے لانگ مارچ ہوئے لیکن کسی پر گولی نہیں چلائی۔ انہوں نے کہا کہ ہاتھ میں بندوق تھامے گھوڑے پر بیٹھ کر پاکستان آزاد نہیں ہوا تھا، قائداعظم نے ملک سیاسی جدوجہد سے حاصل کیا تھا، آج کہتے ہیں قائداعظم دو تو کام ہوگا ہمیں شرم آنی چاہیے، ہم لوگ منافقت کب ختم کریں گے قوم کے لیے ہم کیوں اکٹھے نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ 16 دسمبر پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، جب ہم نے مغربی پاکستان کو حق نہیں دیا تو انہوں نے بنگلا دیش بنایا، اگر ان کو حکومت بنانے دیتے تو کیا ہوجاتا؟ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ پورا لاہور بے نظیر بھٹو کے لیے نکلا ہے یا بانی پی ٹی آئی کیلئے۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ ہمارے ہاتھ پر کسی کا خون تو نہیں، رینجرز کا شہید آپ کا ہی نہیں ہمارا بھی شہید ہے، ہمیں اور کچھ نہیں چاہیے ڈی چوک کے خون کا انصاف چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 23

روم قائم کر دیا گیا ہے۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کنٹرول روم کا دورہ کر کے ضروری ہدایات جاری کیں۔ نو قائم شدہ کنٹرول روم میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کا بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس بھی ہوا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے صدارت کی جبکہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں بھی موجود تھے۔ سپیشل سیکرٹری آسیہ گل نے صوبائی وزیر کو کنٹرول روم کے امور پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ تمام سی ای اوز باقاعدگی کے ساتھ کارکردگی کی رپورٹ کنٹرول روم کو جمع کرائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں صفائی کے لئے وزیراعلیٰ مریم نواز کے مقرر کردہ اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے گا۔ ذیشان رفیق نے یہ ہدایت بھی کہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز، ضلعی انتظامیہ اور کنٹریکٹرز تین ماہ کے اندر تمام پیچیدگیوں کو دور کرنے کے موثر اقدامات کریں۔ کنٹریکٹرز کی مانیٹرنگ کا چار درجاتی نظام وضع کیا گیا ہے۔ تحصیل، ضلع، ڈویژن اور صوبائی سطح پر کنٹرول روم قائم کر دیے گئے۔ وزیر بلدیات نے زور دیا کہ دیہات میں صفائی کے میکانزم پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے جہاں پہلی بار حکومتی سطح پر صفائی کا نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ ذیشان رفیق نے خبردار کیا کہ شہریوں کی شکایات پر فوری ایکشن نہ لیا تو کارروائی کی جائے گی۔ عملہ صفائی کی مانیٹرنگ کیلئے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کو بروئے کار لایا جائے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ اہداف کے حصول کے لئے کنٹریکٹرز کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب شکیل احمد میاں نے تمام سی ای اوز کو ڈیش بورڈ اپ ڈیٹ رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے ابتدائی مرحلے کے لئے فنڈز کا اجراء کردیا گیا۔ اس کے باوجود کوئی مسئلہ ہو تو براہ راست مجھ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

ہے کہ بند گلی سے نکلیں تاہم احتجاج کی کال برقرار ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رہنما تحریک انصاف عون عباس بپی نے کہا پی ٹی آئی نے مذاکرات کی بات کی تو مذاق اڑایا گیا، اب ہماری یہ سوچ ہے کہ مذاکرات برابری کی سطح پر ہوں گے۔ رہنما ن لیگ بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ بحیثیت سیاسی اور جمہوری جماعت قومی ایشوز پر کسی سے بھی بات چیت کیلئے تیار رہنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 25

حافظ حمد اللہ کا کہنا ہے کہ مدارس رجسٹریشن پر حکومت کے ساتھ ایک ماہ سے مذاکرات کرتے رہے، 26 ویں آئینی ترمیم اور دینی مدارس رجسٹریشن پر اتفاق ہوا، بل پارلیمنٹ میں گیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی حکومت میں مدارس رجسٹریشن بل لایا گیا تھا۔ جے یو آئی ف کے رہنما کا کہنا ہے کہ پارلیمنٹ سے بل پاس کرایا گیا، کسی نے شور نہیں مچایا تھا، ہماری ناراضگی علماء سے نہیں حکومت سے ہے، حکومت کی حمایتی جماعتوں سے ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ بل دونوں ایوانوں سے پاس ہوا، پھر کیوں روکا گیا، دینی مدارس رجسٹریشن بل کی ہم پارلیمنٹ میں جنگ لڑیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 26

میں طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود سیٹھی نے درخواست پر سماعت کی، درخواست گزاروں کی جانب سے چودھری ابرار ایڈووکیٹ عدالت پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار کی جانب سے مؤقف اختیار کیا گیا کہ 1986 میں سرکاری پالیسی کے تحت پلاٹس نہیں دیئے گئے، عدالتی حکم کے باوجود ڈی جی ایل ڈی اے پلاٹس کی بیلٹنگ نہیں کر رہے۔ ایل ڈی اے کے وکیل نے کہا کہ ایل ڈی اے اس معاملے پر میٹنگز کر رہا ہے، جواب جمع کرانے کے لیے مہلت دی جائے۔ بعدازاں عدالت نے سردیوں کی تعطیلات کے بعد کیس سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کردی اور واسا کے ملازمین کو سرکاری سکیم کے تحت پلاٹس نہ دینے کے خلاف توہین عدالت کی درخواستوں پر ڈی جی ایل ڈی اے کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 27

کرنے کا معاہدہ بھی ان اکابرین کا ہے، مدارس کے تمام ذمہ داران ایک دوسرے کو قبول کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزارت تعلیم سے منسلک نظام کا خاتمہ کسی صورت قبول نہیں کریں گے، ایک طرف 5، دوسری طرف 10 بورڈ ہیں، لاکھوں طلباء کا مستقبل خطرے میں نہ ڈالیں۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل کا کہنا تھا کہ اتحاد تنظیمات و وزارت صنعت یا زراعت جس کے ساتھ منسلک ہونا ہے ان کا مسئلہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

دہشتگردوں نے پولیس چوکی گنانکر پر دستی بم حملہ کیا جس کے نتیجے میں اے ایس آئی سمیت 2 اہلکار شہید جب کہ محرر سمیت 2 زخمی ہوگئے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ شہید اہل کاروں میں اے ایس آئی حسن خان اور سپاہی نثار خان جب کہ زخمیوں میں محرر ارشد خان، سپاہی ارشد خان اور رفعت شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق زخمی اہلکاروں کو بٹ گرام اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

میں غیر حاضری سے احتساب کے اصولوں اور شفافیت کے عمل کو نقصان پہنچتا ہے، وزرا کی ایوان میں حاضر نہ ہونے سے عوام کے جمہوری اداروں پر اعتماد کو بھی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے اپنے خط میں کہا کہ وزرا کا اپنے ماتحت افسران کو آئینی ذمہ داریاں دینا قابل قبول نہیں، یہ عمل وزرا کی جانب سے گورننس میں غیر سنجیدگی بھی ظاہر کرتی ہے۔ شہباز شریف نے آفیشل معاملات کے لیے پارلیمنٹ میں موجود وزراء کے چیمبر میں موجودگی یقینی بنانے کی ہدایت کردی جبکہ وزرا کو وقفہ سوالات اور ایوان میں بحث کے دوران دیگر میٹنگز میں عدم شرکت کی ہدایت بھی کی۔ واضح رہے کہ 12 دسمبر کو قومی اسمبلی کے اجلاس سے مسلسل دوسرے روز بھی وفاقی وزرا غائب رہے جس پر اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے علاوہ پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے بھی تنقید کی تھی۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ حکومت کے احتساب کے لیے ہمارے پاس ایک فورم ہے، یہ سوالات کا وقت ہے اگر وہ اسے سنجیدگی سے نہیں لیتے ہیں، تو پھر کیا حکمرانی اور کیا احتساب؟ ڈپٹی اسپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اجلاس ملتوی کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس طرح ایوان نہیں چلے گا، وزرا آئندہ ہفتے نہیں آئے تو ہاؤس نہیں چلائیں گے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا تھا کہ گزشتہ روز بھی ہم نے رولنگ دی تھی کہ ہم وزیراعظم کو لکھیں گے، حکومت غیر سنجیدہ ہے، اس طرح ایوان نہیں چلے گا۔

بقیہ بقیہ جات 30

امیر مقام نے ضلع شانگلہ میں پولیس چوکی گنانکر پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے اے ایس آئی حسن خان اور ہیڈ کانسٹیبل نثار خان کو خراج عقیدت پیش اور انکے خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے زخمی ہونے والے 3 پولیس اہلکاروں کی جلد صحتیابی کیلئے دعاء کی۔ انہوں نے کہا کہ امن کی بحالی کے لیے پولیس فورس کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت وقت اور وسائل ضائع کرنے کی بجائے امن پر توجہ دے۔

بقیہ بقیہ جات 31

شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ اسمبلی میں ہر وقت ایسا ماحول ہوتا ہے جیسے سوتنیں لڑ رہی ہیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رانا ثناء اللہ آئے ہوئے ہیں، 8 مہینوں میں ہم نے دیکھا کہ یہ نیشنل اسمبلی نہیں ہے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ میری ذاتی رائے ہے کہ قوم کے ساتھ جھوٹ بولا جاتا ہے، کوئی مذاکرات تب تک کامیاب نہیں ہوتے جب تک سیاسی قوتیں ٹی او آرز ڈسکس نہ کریں اور پھر وہ ٹی او آرز اسٹیبلشمنٹ سے ڈسکس کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کے لیے کبھی کوئی مثبت بات نہیں کی، میڈیا مذاکرات کی بات کرتا ہے اور یہاں کہتے ہیں مذاکرات نہیں ہو رہے، سیاستدانوں میں ٹی او آر طے ہی نہیں کیے جاتے۔ پی ٹی آئی نے کہا کہ خواجہ آصف کا بہت احترام ہے لیکن ان کی زبان بھی آگ اگلتی ہے، میں گلہ کرتا ہوں لوگ مرے لیکن وزیر اطلاعات نے غلط بیانی کی، کیا ممکن نہیں کہ ٹی او آر اور مسائل کے حل کے لیے کمیٹی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے مسائل کے ادراک کے لیے یہاں بھیجا ہے، ہمارے علاقوں میں طالبان نے قبضہ کیا ہے، کل خواجہ صاحب نے کہا کہ پی ٹی آئی کو پہل کرنا پڑے گی، کیا رانا ثناء اللہ حکومت کے باضابطہ مؤقف سے ہمیں آگاہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 32

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں زچہ و بچہ صحت کو بہتر بنانے کے حوالے سے گرانٹ پراجیکٹ پر دستخط ہوگئے۔ معاہدے پر دستخط کی یہ تقریب 17 دسمبر کو وزارت اقتصادی امور میں منعقد ہوئی۔ وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کی منظوری کے بعد سیکرٹری اقتصادی امور ڈاکٹر کاظم نیاز نے پاکستان کی جانب سے معاہدے پر دستخط کئے، جبکہ جاپان کی جانب سے پاکستان میں موجود قائم مقام سفیر تاکانو شوچی نے دستخط کئے۔ جاپانی حکومت جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے ذریعے مذکورہ گرانٹ ان ایڈ پراجیکٹ کے لیے 1.503 بلین جاپانی ین (9.91 ملین امریکی ڈالر) فراہم کرے گی۔ اس منصوبے کا مقصد صوبہ خیبرپختونخوا کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں تشخیصی اور علاج کے نظام کو مضبوط بنانا ہے۔ گرانٹ کی اس رقم سے زچہ بچہ کی صحت کے ساتھ ساتھ حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کے لیے طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے ضروری طبی آلات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، جس سے علاقائی سطح پر صحت کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ سیکرٹری ڈاکٹر کاظم نیاز نے اس موقع پر کہا کہ وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ اس منصوبے پر جاپانی حکومت کے مشکور ہونے کے ساتھ ساتھ پرعزم ہیں کہ زچہ بچہ کی صحت کی دیکھ بھال میں بہتری کا منصوبہ صوبہ خیبرپختونخوا میں سیلاب سے متاثرہ اور آس پاس کے علاقوں میں ماں اور بچوں کے لیے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کے معیار کو بہتر بنائے گا۔ علاوہ ازیں، سیکرٹری اقتصادی امور نے منصوبے کے کامیاب نفاذ کو یقینی بنانے اور دونوں فریقوں کے درمیان مزید بامعنی تعاون کے لیے تمام ضروری سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کے ساتھ ساتھ جاپانی حکومت اور عوام کی گرانقدر حمایت کو سراہا۔ قائم مقام جاپانی سفیر تاکانو شوچی نے دوستانہ تعلقات اور دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے حکومت پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے اپنی حکومت کے عزم کا یقین دلایا۔

بقیہ بقیہ جات 33

15 تاریخ تک چائنہ کے سرکاری دورے پر تھیں، وزیراعلیٰ نے چائنہ کے 4 شہروں کا دورہ کیا جہاں ان کی مختلف میٹنگز تھیں، مریم نواز پاکستان کی تاریخ کی واحد وزیراعلیٰ ہیں جن کو چین میں ہیڈ آف اسٹیٹ کا پروٹوکول ملا۔ انہوں نے کہا کہ ایک صوبے کی وزیراعلیٰ کو چائنہ جیسے ملک میں ہیڈ آف اسٹیٹ کا مرتبہ ملا، کچھ جاہلوں کا ٹیلی فون کوئی اٹھاتا نہیں تھا، یہ اپنی ساری حکومت میں فون کا انتظار کرتے کرتے گھروں کو چلے گئے، جاہلوں کی بستی ہے انہوں نے بس پروپیگنڈا کرنا ہوتا ہے، چین میں مسلم لیگ ن کو بطور پارٹی زیادہ ہائی لائٹ کیا گیا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ چائنہ کے صدر شی جن پنگ کے بعد وائس چیئرمین کا عہدہ ہے، وائس چیئرمین نے وزیراعلیٰ مریم نواز سے آدھے گھنٹے کی ملاقات شیڈول کی لیکن انہوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز کو ایک گھنٹے کا وقت دیا، مریم نواز کے بارے میں کہا گیا آئندہ وقت میں بڑی لیڈر کے طور پر شمار ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے زرعی آلات بنانے والے کمپنی کا دورہ کیا، چین کے تو ٹریکٹرز بھی اب روبوٹس ہیں، وزیراعلیٰ نے چائنہ کو کہا کہ پنجاب میں ٹرانسپورٹ پر کام کرنا ہے، ہمیں 700 کے قریب چائنہ سے الیکٹرک بسیں خریدنی ہیں، جلد الیکٹرک بسوں کا پہلا فلیٹ لاہور پہنچنے والا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہم نے 5 سالہ منصوبہ بنایا ہے، ہمیں ساری ٹرانسپورٹ کو الیکٹرک پر شفٹ کرنا ہے، وزیراعلیٰ نے جنکو کمپنی کو پنجاب میں سولر پلانٹ لگانے کی اجازت دی ہے، پنجاب میں سرمایہ کاری کے حوالے سے 60 سے زیادہ کمپنیوں کا ریسپانس بہت اچھا تھا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سکیورٹی کے حوالے سے کچھ خدشات رہتے ہیں، وزیراعلیٰ نے چینی سرمایہ کاروں کی سکیورٹی کو یقینی بنانے کا وعدہ کیا ہے، آپ جلد پنجاب میں چینی کمپنیوں کو کام کرتا دیکھیں گے، مریم نواز نے لاہور کو جدید ترین سمارٹ سٹی بنانے کا پلان بنایا ہے، لاہور جلد جدید ترین سمارٹ سٹی ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ کو جلد لاہور کی سڑکوں پر چارجنگ اسٹیشن بھی نظر آئیں گے، بچوں کو دی جانے والی الیکٹرک وہیکلز کیلئے جلد چارجنگ اسٹیشنز بنیں گے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے پنجاب کو جدید ترین صوبہ بنانے کا عہد کیا ہے، فساد تھوڑی دیر کیلئے کنٹرول ہو جائیں تو پاکستان مزید ترقی کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز چین سے کینسر علاج کی جدید ٹیکنالوجی پاکستان لے کر آرہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

بتانا ہے کہ موبائل فون صارفین کیساتھ فراڈ کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پاکستان ٹیلی کام حکام کے مطابق ایک سال میں دھوکا دہی میں ملوث 5 ہزار 294 موبائل نمبرز بلاک کیے گئے۔ پی ٹی اے کے مطابق فراڈ اور دھوکا دہی میں ملوث 4 ہزار 507 آئی ایم ای آئی (IMEI) بلاک کیے گئے جب کہ گزشتہ مالی سال فراڈ میں ملوث 113 افراد کے شناختی کارڈز بھی بلاک کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 35

سیکرٹری انسانی حقوق علی بہادر قاضی، سابق صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق واقلیتی امور اعجاز عالم آگسٹین نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد یوسف اور پروگرام مینیجر عروج سندھو نے ماڈریٹرز کی خدمات سرانجام دیں۔ سیشن کے افتتاحی خطاب میں یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شاہد رحمت نے ضلعی گورننس فورمز کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ فورمز انکلیوسو گورننس کی ضمانت دینے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں اور اقلیتی کمیونٹیز کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ حکومت کے ساتھ مل کر فیصلوں میں حصہ لے سکیں۔ شاہد رحمت نے یہ بھی کہا کہ ضلعی گورننس فورمز مقامی حکومتی اداروں اور اقلیتی کمیونٹیز کے درمیان تعاون کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تاکہ ہر فرد کی آواز سنی جا سکے۔ پارلیمانی سیکرٹری سونیا آشر نے یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی کوششوں کی تعریف کی اور ضلعی گورننس فورمز کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی گورننس فورمز اقلیتی کمیونٹیز کو بااختیار بنانے اور مقامی گورننس میں ان کی مؤثر شرکت کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہیں۔ یہ اقدام ایک زیادہ انکلیوسی اور منصفانہ معاشرے کی تشکیل میں مدد فراہم کرتا ہے جہاں ہر شہری فیصلہ سازی کے عمل میں شریک ہو سکتا ہے۔ سیکرٹری انسانی حقوق علی بہادر نے ضلعی گورننس فورمز کے قیام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انکلیوسو گورننس ایک منصفانہ معاشرہ قائم کرنے کے لیے ضروری ہے۔ "یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی کوششیں اقلیتی کمیونٹیز کی مضبوط نمائندگی کے لیے راہ ہموار کر رہی ہیں، جس سے ایک زیادہ جوابدہ اور منصفانہ حکومتی نظام کی تشکیل ممکن ہو گی۔ سابق صوبائی وزیر اعجاز عالم آگسٹین نے بھی سیشن میں خطاب کرتے ہوئے ضلعی گورننس فورمز کو "ایک شاندار اقدام" قرار دیتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ یہ فورم اقلیتی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے گا اور ان کی آواز کو مقامی گورننس میں شامل کرے گا۔ انہوں نے کہا، "یہ اقدام کمیونٹی اور حکومت کے درمیان مضبوط تعاون کو فروغ دے گا، جو کہ انکلیوسو ترقی اور سماجی ہم آہنگی کے لیے راہ ہموار کرے گا۔ سیشن میں مینارٹی سِول ایجنٹس پروگرام پر مفصل پریزنٹیشن دی گئی، جس میں ضلعی گورننس فورمز کے اہم کردار کو اجاگر کیا گیا اور حکومت کو زیادہ شفاف، جوابدہ اور موثر بنانے کے لیے ضروری حکمت عملی پر بات کی گئی۔ سیشن میں حکومت اور کمیونٹی نمائندوں کے درمیان شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے لیے عملی حکمت عملیوں پر بھی زور دیا گیا۔ ایک اہم سیشن "حکومت اور کمیونٹی کے درمیان تعاون" کے عنوان سے تھا، جس میں مختلف شعبوں کے ماہرین نے عملی مشورے دیے کہ حکومت اور کمیونٹی کے رہنماؤں کو مل کر کس طرح بڑے مسائل کو حل کرنا چاہیے۔ اس پینل میں اس بات پر زور دیا گیا کہ مسلسل شراکت داری کی ضرورت ہے تاکہ خدمات کی فراہمی میں بہتری لائی جا سکے اور سماجی انصاف کو فروغ دیا جا سکے۔ سیشن میں ڈائریکٹر واسا عبداللطیف، غلام قادر رزاقی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا؛ ذیشان کھوکھر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایف آئی اے اور مقامی حکومت و کمیونٹی ڈویلپمنٹ، لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور سوشل ویلفیئر کے محکموں کے نمائندگان شامل تھے۔ ان نمائندوں نے نہ صرف اپنے محکموں کی خدمات کے بارے میں آگاہ کیا بلکہ اقلیتی کمیونٹیوں کو درپیش سروس ڈیلیوری کے مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنے محکموں کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ سیشن کا اختتام ایک جاندار سوال و جواب کے سیشن پر ہوا، جس میں شرکاء نے اہم سوالات اٹھائے اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس بات چیت نے تمام فریقین کی گہری دلچسپی اور اس حوالے سے مخلصانہ عزم کو اجاگر کیا۔

بقیہ بقیہ جات 36

افراد ڈاکٹر اظہار الحق ہاشمی، چیئرمین پیس ٹو لائف فاؤنڈیشن وقاص احمد، صدر فیصل اعجاز، جنرل سیکرٹری صوفی رضوان اشرف ایوبی، اسسٹنٹ پروفیسر سپیشل ایجوکیشن یونیورسٹی آف ایجوکیشن ڈاکٹر عفاف منظور، اسسٹنٹ رجسٹرار گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، حماد الٰہی، سپرنٹنڈنٹ نیو ہاسٹل محمد فیاض سمیت دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر 30 معذور و مستحق افراد میں مفت ویل چیئرز، 100 کمبل اور 20 گرم ملبوسات تقسیم کیے گئے۔ جنرل سیکرٹری رضوان اشرف ایوبی نے کہا کہ معاشرے کو وسائل نہ رکھنے والے افراد کا ہاتھ تھامنا ہوگا۔ خاص طور پر معذور افراد کا سہارا بننے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیس ٹو لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن پسے ہوئے طبقات کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

بورڈ قوانین کے مطابق پیپر کے نمبر ری کاؤنٹ کیے جاتے ہیں، ری چیک نہیں۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ کنیئرڈ کالج کی طالبہ نے اوبجیکٹو میں تمام سوالوں کے ٹھیک جواب دیئے، ٹھیک جوابات کے باوجود پیپر میں صفر نمبر دیئے گئے، درخواست میں استدعا کی گئی کہ مارک شیٹ میں ترمیم کر کے نمبر ایڈ کیے جائیں۔ بعدازاں عدالت نے انٹرمیڈیٹ بورڈ کے لیگل ایڈوائزر کو آج (بدھ) طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 38

اور نئے انتخابات کی تاریخ کا اعلان ہے، اسی طرح پاکستان میں حالات معمول پر آسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات میں عمران خان نے مشکل ترین حالات میں ہونے کے باوجود اپنے کارکنان کو حوصلہ دیا، عمران خان جلد اپنے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 39

ایک پلیٹ فارم پر بٹھایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 40

ساتھ اس بل کو دونوں ایوانوں نے پاس کیا، آئین کا آرٹیکل 50 پارلیمنٹ کی تعریف کرتا ہے، صدر مملکت اس ایوان کا حصہ ہیں، کوئی بھی قانون سازی صدر کے دستخط کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔ وزیر قانون نے کہا کہ آرٹیکل پچھتر کہتا ہے کہ صدر دس دن کے اندر رضا دیتا ہے یا پھر مجلس شوریٰ کو واپس بھیجتے ہیں، جب صدر بل واپس کرتا ہے تو آئین کے مطابق بل کو مشترکہ اجلاس میں رکھا جاتا ہے، مشترکہ اجلاس بل کو ترامیم کے ساتھ یا ترامیم کے بغیر پاس کر دیتا ہے۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ وفاقی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہے، امن و امان کیلئے وفاق صوبوں کو مکمل معاونت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرم کے مسئلے پر خیبرپختونخوا حکومت کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر نے وفاق کے نمائندے کی حیثیت سے وہاں جرگہ کیا، خوشی ہوتی اگر وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا بھی اقدامات کرتے، یقین دلاتا ہوں وفاقی حکومت اس معاملے کو دیکھ رہی ہے اور وزیر داخلہ کو ہدایات ہیں کہ وہ اس پر نظر رکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 41

خلاف درخواست ناقابل سماعت قرار دیدی۔ واضح رہے کہ پیر کے روز ہائیکورٹ میں وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے عمران خان کے خلاف ہرجانے کے دعوے کے کیس میں بانی پی ٹی آئی کی ٹرائل کورٹ میں گواہوں کو تحریری گواہی دینے کی اجازت کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ ٹرائل کورٹ نے ہتک عزت کے دعوے میں گواہوں کو تحریری صورت میں گواہی دینے کی اجازت دی ہے، ٹرائل کورٹ کا یہ فیصلہ حقائق کے برعکس ہے، گواہ کمرہ عدالت میں پیش ہو کر گواہی دیں۔ عمران خان کی جانب سے عدالت سے استدعا کی گئی تھی کہ ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے تاہم عدالت نے درخواست کو ناقابل سماعت قرار دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 42

قطرے پلائے جائیں گے تاہم کرم میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پولیو مہم نہیں چلائی جائے گی۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا ندیم اسلم چوہدری کے مطابق پولیو مہم کیلئے 42 ہزار ٹیمیں تشکیل دیدی گئی ہیں جبکہ پولیو ٹیموں کی سکیورٹی کیلئے 54 ہزار پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خیبرپختونخوا کے ضلع کرم میں حالیہ سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پولیو مہم ملتوی کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت نہ دینے پر عدالت جاؤں گا۔ علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ سول نافرمانی سے متعلق بانی پی ٹی آئی آج بتائیں گے، عمران خان جو بھی ہدایات دیں گے ویسا ہی ہوگا۔ دوسری جانب پشاور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کو 16 جنوری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس وقار احمد نے علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت ڈپٹی اٹارنی نے عدالت میں رپورٹ جمع کرائی۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کے خلاف اسلام آباد میں 32 اور پنجاب میں 33 مقدمات درج ہیں۔ عدالت نے علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو 16 جنوری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ پشاور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کو متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کی بھی ہدایت کردی۔

بقیہ بقیہ جات 44

دین اور علاقائی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ نائب صدر جنید حسنین کھوکھر نے گفتگو کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں قصور کے تاجروں کے لئے سرمایہ کاری اور خصوصی سکیم متعارف کروانے پر بات کی۔ اس کے علاوہ دونوں شہروں کے تاجروں کو مزید رابطے بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر معدنیات سید سرور شاہ کا کہنا تھا کہ پنجاب بھر سے تاجر کمیونٹی اخلاص نیت سے گلگت بلتستان میں کام کریں مکمل حوصلہ افزائی کرینگے اور ممکن تعاون فراہم کریں گے، قصور کی تاریخ انڈسٹری اور دیگر کاروباری معاملات سے بھری پڑی ہے۔ وزیراعلیٰ گلگت بلتستان سے ملاقات کرکے تاجران کو وہاں کاروبار کرنے اور سرمایہ کاری کی ترغیب دینگے۔ اس موقع پر تاجران نے اپنے مسائل سے بھی آگاہ کیا اور ان سے باہمی دلچسپی کے کاروباری امور پر تبادلہ خیال کیا، انہوں نے چیمبر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور چیمبر میں رکھی گئی ضلع قصور کی مصنوعات کا بھی معائنہ کیا، مستقبل قریب میں مفاہمت کی یادداشت پر بھی مفصل گفتگو ہوئی۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے قصور چیمبر کے بانی حسنین کھوکھر کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے چیمبر کے قیام کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا اور جلد ہی ان سے ملاقات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صدر کاشف کھوکھر، سینئر نائب صدر حاجی محمد اکرم ذکی، نائب صدر جنید حسنین کھوکھر، سیکرٹری جنرل سجاد علی اور ایگزیکٹو کمیٹی ممبران حاجی مقصود احمد، حافظ منیر احمد، طیب ساجد اور پولیس رابطہ کمیٹی کے فوکل پرسن شاہ زیب کھوکھر سمیت دیگر بھی موجود تھے، تقریب کے اختتام پر سینئر نائب صدر حاجی محمد اکرم ذکی اور سیکریٹری جنرل سجاد علی نے معزز مہمانوں کی تشریف آوری پر ان کا شکریہ ادا کیا، وزیر معدنیات حکومت گلگت بلتستان سید سرور شاہ نے قصور چیمبر کے عہدیداران اور ای سی ممبران کو گلگت بلتستان آنے کی دعوت بھی دی۔ آخر میں انہوں نے وفد کے ہمراہ برصغیر پاک و ہند کے عظیم صوفی شاعر حضرت بابا بلھے شاہ کے مزار پر حاضری بھی دی ملک کی سلامتی و ترقی اور خوشحالی کیلئے دعا بھی کی۔

بقیہ بقیہ جات 45

کے ذریعے پیش نہ کرنے پر اڈیالہ جیل راولپنڈی کے حکام سے جواب طلب کرلیا۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف توہین الیکشن کمیشن و چیف الیکشن کمشنر کیس کی سماعت ہوئی، ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 3 رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا کہ گزشتہ سماعت پر کمیشن نے بانی پی ٹی آئی کی ویڈیو لنک سے حاضری کا حکم دیا تھا، ممبر سندھ نے استفسار کیا کہ کیا ویڈیو لنک سے حاضری کا بندوبست ہوا؟ حکام الیکشن کمیشن نے جواب دیا کہ ہماری طرف سے انتظامات مکمل ہیں، جیل کی طرف سے ویڈیو لنک ایکٹیو نہیں ہوا، ہمارا اسٹاف وہاں موجود ہے، جیمرز کی وجہ سے رابطہ نہیں ہو رہا، جیل حکام بالکل تعاون نہیں کر رہے۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو ویڈیو لنک پر نہیں آنے دیا جائے گا، بانی پی ٹی آئی کی تصویر اور بیان چلانے پر غیر اعلانیہ پابندی ہے، اگر ویڈیو لنک سے حاضری نہیں ہوتی تو کمیشن بانی پی ٹی آئی کو یہاں طلب کرے۔ وکیل کمیشن نے کہا کہ کوئی تکنیکی مسئلہ ہوسکتا ہے، پیش نہ کرنا دانستہ نہیں لگتا، ملزم کی حاضری کے بغیر شواہد ریکارڈ نہیں ہو سکتے۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، کمیشن اب جانے دے، کیس کو ڈراپ کر دیں۔ ممبر سندھ نے کہا کہ آپ تو کیس لڑ رہے ہیں، ہم کیسے ڈراپ کر دیں، فیصل چوہدری نے کہا کہ جیل حکام کے عدم تعاون پر بھی توہین کا کیس بنتا ہے۔ دلائل سننے کے بعد الیکشن کمیشن نے جیل حکام سے جواب طلب کرلیا اور معاملے کی مزید سماعت الیکشن کمیشن نے کیس کی سماعت 15 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 46

چیئرمین قاری حبیب الرحمن زبیری، پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار، جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین، لاہور ٹیکس بار کے سینئر ممبر سابق چیئرمین سیلز ٹیکس ریفنڈز کمیٹی لاہور ٹیکس بار طارق محمود میو، انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن کے صدر عاشق علی رانا، جنرل سیکرٹری محمد اسحاق بریار، سینئر نائب صدر ملک جلیل اعوان، فنانس سیکرٹری شیخ عدیل شاہد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ملک میں کاروباری اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے فوری طور پر شرح سود کو سنگل ڈیجٹ پر لایا جائے، کاروباری سرگرمیوں میں بہتری سے برآمدات میں اضافے کی راہ ہموار ہوگی۔ معاشی ماہرین نے کہا کہ پالیسی ریٹ 13 فیصد اب بھی بہت زیادہ ہے، یہ شرح خطے اور دنیا بھر کے دیگر ممالک کی طرح 5 سے 7 فیصد کی مثالی سطح پر ہونی چاہیے۔ بھارت، ویتنام اور بنگلہ دیش میں پالیسی ریٹ بالترتیب 6.5 فیصد، 4.5 فیصد اور 10 فیصد ہے۔ ماہرین نے کہا کہ سخت مانیٹری پالیسی کے تسلسل کی وجہ سے قرضوں کی لاگت میں غیر معمولی اضافہ ہوا جس سے معیشت کو کافی نقصان پہنچا ہے، خاص طور پر مینوفیکچرنگ سیکٹر متاثر ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 47

کے مطابق ملزم پنجاب حکومت کی جانب سے ملنے والی مفت ادویات سرکاری اسپتالوں کے ڈاکٹرز اور عملے کی مبینہ ملی بھگت سے میڈیکل اسٹورز کو سپلائی کرتا تھا۔ ملزم سے برآمد ہونے والی ادویات کی قیمت 30 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ صوبائی وزیر صحت عمران نذیر نے پولیس کو ہدایت کی ہے کہ گرفتار ملزم اور ملوث ڈاکٹرز سمیت دیگر عملے کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کی ادویات کو فروخت کرنے والے گروہ کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 48

والے شخص کی لاش کو ٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور منتقل کردیا جبکہ زخمی ہونے والے شخص کو ہسپتال میں داخل کروا دیا گیا۔ جاں بحق ہونے والے کی شناخت ناصر کے نام سے ہوئی جو دھول شریف کا رہائشی تھا۔

بقیہ بقیہ جات 49

روپے کی ریکارڈ آمدنی حاصل کی۔ یہ آمدنی گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کی آمدنی 32.9 ارب روپے کے مقابلے میں 15 فیصد زائد ہے۔ عامر علی بلوچ نے کہا کہ گزشتہ سال پاکستان ریلوے کا قائم کردہ آمدنی کا ریکارڈ انشاء اللہ اس سال مزید بہتر ہوگا۔ ابتدائی 5 ماہ میں ٹرینوں کی تعداد میں اضافے کے باوجود فیول اخراجات میں 13.57 فیصد کمی ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 50

۔ جبکہ پنجاب حکومت نے رکن صوبائی اسمبلی، سپیکر و ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی اور وزراء کی تنخواہوں میں پانچ لاکھ سے 8 لاکھ روپے تک تنخواہوں اور مراعات میں اضافہ کردیا ہے۔ اگر یہ اضافہ مہنگائی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے تو حکومت بتائے کیا یہ مہنگائی عام عوام کے لئے نہیں ہے۔ جو آٹا خرید لیں تو سبزی، گھی، چینی اور مصالحہ جات خریدنے کی سکت نہیں رہتی۔ پنجاب میں کوئی چیز بھی حکومتی نرخوں پر میسر نہیں ہے۔ ہمارا مطالبہ ہے ملک کا قرض اتر جانے تک وزیروں، مشیروں اور وزراء کی تنخواہوں میں اضافہ واپس لیا جائے، بلیک میں کھاد، ڈی اے پی، اور بیج فروخت کرنے والوں کو جیلوں میں ڈالا جائے، جعلی کھاد اور زرعی ادویات فروخت کرنیوالوں کو نشان عبرت بنایا جائے اور اشیاء خوردونوش اور اشیاء ضروریہ میں فوری کمی کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کھاد مافیا کے خلاف احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میاں رشید منہالہ کا کہنا تھا کہ کھاد مافیا نے کسانوں کو ریلیف دینے کے حکومتی دعوے ہوا میں اڑا دیئے ہیں، گزشتہ ایک سال کے دوران مارکیٹ میں کھاد کی قیمتوں میں 200 فیصد تک اضافہ ہوا ہے، ڈی اے پی اور یوریا کھاد کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے صرف قیمتوں میں اضافہ ہی نہیں ہوا بلکہ کھاد بھی بازار سے غائب کر دی گئی ہے جس پر کاشت کر بلیک میں کھاد خریدنے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا کہ بلیک میں کھاد فروخت کر کے کاشتکاروں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے۔ جبکہ صوبائی حکومت ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی ہے وزیراعلیٰ پنجاب کو اپنے ایم پی اے اور وزراء کی تنخواہوں میں اضافہ کرنا تو یاد ہے لیکن کاشتکاروں کے مسائل نظر نہیں آرہے انہوں نے کہا کہ گندم کی کاشت شروع ہوتے ہی کھاد کی قیمتوں میں اضافے اور بلیک مارکیٹنگ سے پنجاب بھر میں گندم سمیت ربیع کی فصلات اور پھلوں کی کاشت کافی حد تک متاثر ہوگئی ہے، مارکیٹ میں جعلی بیج اور کھاد کی فروخت بھی کھلے عام ہو رہی ہے جس کے خلاف کسی قسم کی کوئی کاروائی نہیں کی جا رہی۔

بقیہ بقیہ جات 51

ہیں۔ دنیا میں ترقی وخوشحالی صنعتی وکاروباری شعبہ ہائے زندگی کے حالات میں بہتری سے ہی ممکن بن سکتی ہے۔ پاکستان میں بھی صنعتوں مارکیٹوں بازاروں کی خوشحالی سے ہی ملک میں ترقی کا سویرا طلوع ہوگا۔ کاروبار کا پہیہ تیز رفتار چلنے سے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔

بقیہ بقیہ جات 52

پشین، توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی میں منفی 6، اسکردو منفی 7، گلگت اور استور منفی 6 ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ اسلام آباد میں صفر، کوئٹہ 1، پشاور 2، مظفر آباد 4، لاہور، ملتان 5 اور کراچی میں کم سے کم درجہ حرارت 10 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 53

۔ پاکستان کی ترقی وخوشحالی پائیدار معاشی پالیسیز سے ہی پروان چڑھ سکتی ہے۔ ملک وقوم کو اس مشکل ترین نہج سے نکالنے کیلئے معاشی حالات کی گھمبیر صورتحال کو بحران سے نکالا جائے۔ بازاروں صنعتوں فیکٹریوں اور صنعتکاروں تاجروں کو آن بورڈ لے کر فیصلے کئے جائیں ۔

بقیہ بقیہ جات 54

کا حکم دے دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ پنڈی شیخ موسیٰ کی اضافی آبادی دھن سنگھ کے رہائشی محمد صفدر کا 5 سالہ بیٹا حنیف علی گھر کے باہر کھیل رہا تھا کہ اوباش ملزمان وقاص وغیرہ اسکو بہانے سے قریبی کھیتوں میں لے گئے اور بچے کو زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا اور پکڑے جانے کے خوف سے بچے کو گلہ دبا کر موت کے گھاٹ اتار کر نعش کھیتوں میں پھینک کر فرار ہوگئے، بچے کے غائب ہونے پر لواحقین اور محلہ دار تلاش کرتے ہوئے دھن سنگھ والا کے قریب پہنچے تو بچے کی نعش کھیتوں میں پڑی تھی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور نعش کو تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا۔ سی پی او کامران عادل نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر ڈویژن کی سربراہی میں مختلف ٹیمیں تشکیل دے کر قاتلوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

منتقل کیا گیا جہاں ایلیٹ جوان طارق عزیز زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے۔ اشتہاری مجرمان رات کے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے جن کی گرفتاری کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے کر کارروائی جاری ہے۔ آئی جی پنجاب کی زخمی اہلکار کانسٹیبل عامر شہزاد کی بہترین نگہداشت کی ہدایت۔ طارق عزیز شہید نے فرض کی راہ میں جام شہادت نوش کیا، محکمہ عظیم قربانی کو کبھی فراموش نہیں کرے گا۔ شہید اہلکار کے اہل خانہ کی بہترین ویلفیئر کا ہر ممکن خیال رکھا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 56

حکومت کے سماجی و اقتصادی اقدامات پر روشنی ڈالی ہے۔ ڈاکٹر نوید الٰہی ویکلی پالیسی پلس میں لکھتے ہیں کہ غربت کے خاتمے کیلئے حکومت نے انتہائی متحرک و موثر کردار نبھایا ہے۔ افغانستان اور چین کے ساتھ سفارتی تعلقات دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور دہشت گردی، اقتصادی چیلنجز اور غربت کے خاتمے جیسے اہم مسائل سے نمٹنے کے لیے پاکستان کے عزم کی نشاندہی کرتے ہیں۔ افغان ناظم الامور اور ایف ایم اسحاق ڈار نے افغان سرزمین سے دہشت گردی سے نمٹنے پر زور دیا، جب کہ چین کے سفیر نے جنوبی پنجاب کی پسماندہ برادریوں کی بہتری کے لیے بدنی مداخلت کا وعدہ کیا۔ روح تقسیم کو ختم کرنا، مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنا اور باہمی خوشحالی کی بنیاد بنانا ہے۔ مقامی طور پر، یہ دستاویز مدرسے کی رجسٹریشن اصلاحات کے تنازعہ پر روشنی ڈالتی ہے، جو حکومتی پالیسی اور مذہبی اسٹیک ہولڈرز کے درمیان تناؤ کو ظاہر کرتی ہے۔ اس میں وزیر اعظم شہباز شریف کے گورننس کے اصلاحاتی ایجنڈے اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کے چین کے ساتھ ماحولیاتی خطرات سے نمٹنے کے لیے تعاون کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔ دستاویز میں CPEC کے تعاون، ترسیلات زر میں اضافے، اور شمالی وزیرستان میں انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ یہ نظاماتی مسائل پر بھی تنقید کرتا ہے، جیسے کہ شوگر انڈسٹری میں ٹیکس کی چوری اور پولیو کی بحالی کی وجہ سے صحت کے اشاریوں میں فرق۔ شفاف طرز حکمرانی اور قومی فوائد کو زیادہ سے زیادہ کرنے اور خطرات سے نمٹنے کے لیے مضبوط پالیسی کے نفاذ کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔ ڈاکٹر نوید الٰہی کے مطابق آگے کا راستہ گورننس کو مضبوط بنانے، علاقائی تعاون کو فروغ دینے، سماجی و اقتصادی ترقی کو بڑھانے اور بین الاقوامی شراکت داری سے فائدہ اٹھانے پر زور دیتا ہے۔ تزویراتی توجہ کے شعبوں میں موسمیاتی لچک، سرحدی سلامتی، تجارتی معاہدے وغیرہ شامل ہیں۔ یہ کثیر الجہتی نقطہ نظر پاکستان کے چیلنجوں اور مواقع کی باہم مربوط نوعیت کو اجاگر کرتا ہے، ڈاکٹر نوید الٰہی کا کہنا ہے کہ پاکستان اور افغانستان نے حالیہ مہینوں میں بار بار پیدا ہونے والی کشیدگی کی وجہ سے محدود تعامل کا تجربہ کیا ہے۔ تاہم دونوں فریق سفارتی تعلقات کی بحالی اور دوطرفہ تعاون کو بڑھانے کی کوششیں کر رہے ہیں۔

ابقیہ بقیہ جات 57

مشکلات سے شدید متاثر ہیں۔ پاکستان کی ترقی و خوشحالی صنعت وتجارت دوست معاشی پالیسیز سے ہی پروان چڑھ سکتی ہے۔ حکومت ایسی اصلاحات لے کر آئے جس سے بزنس مین اور عام آدمی کو ریلیف مل سکے۔

بقیہ بقیہ جات 58

اپنے والد علی شیر کے ساتھ مل کر میری بیٹی پر تشدد کیا اسے سر کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹتے رہے جس سے اس کے کپڑے پھٹ گئے اور وہ نیم برہنہ ہوگئی۔ ملزمان نے قینچی اور بلیڈ کی مدد سے میری بیٹی کے سر کے بال بھی کاٹ دیے۔ پولیس تھانہ ٹھٹھہ صادق آباد ملزم اللہ رکھا اور اس کے والد علی شیر کے خلاف مقدمہ درج کر کے علی شیر کو گرفتار کرلیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

دعووں، وعدوں، زبانی کلامی اور ڈنگ ٹپاؤ اقدامات تک محدود ہے، عملی اقدامات کہیں نظر نہیں آتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے وسائل کی دولت سے نوازا ہے مگر حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کے سبب ہم ان سے بھرپور انداز میں استفادہ کرنے سے قاصر ہیں بلکہ الٹا ان قدرتی وسائل سے غیر ملکی کمپنیاں فائدہ اٹھاتے ہوئے ثمرات حاصل کر رہی ہیں۔ ہمیں قرضوں کی بجائے خود انحصاری اور اپنے وسائل سے استفادہ کرنا ہوگا تب ہی جا کر ہم ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑے ہوسکتے ہیں۔ مہنگائی، بے روزگاری کی شرح آسمان سے باتیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نون، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی جو بھی برسراقتدار آیا اس نے مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا۔ ملکی معیشت کا ستیاناس ہو چکا ہے۔ ملک چوروں، لٹیروں اور کرپٹ افراد کی جنت بن چکا ہے۔ مہنگائی کا جن دن بدن بے قابو ہو چکا ہے، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ بھی کاروباری طبقے کے لئے مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ عوام کے لئے بل ادا کرنا محال ہوگیا ہے، تاجر دوہری مصیبت میں مبتلا ہیں، گھر اور دکان کے بجلی کے بل ادا کرنے کے لئے رقم میسر نہیں رہی۔ بجلی کے بلوں، گیس اور پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے نے عوام سے جینے کا حق چھین لیا ہے۔ مہنگائی اور بے روزگاری کے ستائے عوام فاقہ کشی کے ہاتھوں مجبور ہو کر خودکشیاں کر رہے ہیں۔ ادارے تباہی کا منظر پیش کر رہے ہیں کوئی ایک شعبہ بھی ایسا نہیں جس کی کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیا جا سکے۔ جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ پاکستان کے 25 کروڑ عوام نے دیکھ لیا ہے کہ کیسے انہیں دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے۔ لوگ مہنگائی بے روزگاری اور دیگر معاشی مجبوریوں کے ہاتھوں تنگ آکر خودکشیاں کر رہے ہیں جبکہ ادارے بے حسی کا شکار ہیں۔ حکومتی کارکردگی سے لوگوں میں مایوسی پھیلتی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

فضا میں امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ قادیانی جماعت کو قانون کے دائرے میں رکھا جائے، پاکستان بننے کے بعد قادیانیوں نے ملک کو مستحکم نہیں ہونے دیا اب بھی اپنی غیر مسلم اقلیتی حیثیت کو تسلیم نہ کر کے وہ آئین وقانون اور عدالتی فیصلوں سے انحراف کر رہے ہیں جب کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے انہیں ڈھیل دے رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے آئین کی پاسداری کو یقینی بناتے ہوئے قادیانیوں کی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھیں تاکہ وطن عزیز میں امن و امان کے قیام کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 61

واضح نمبر ہونے پر کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔ موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر فینسی نمبر پلیٹس لگانے کی اجازت بھی ہرگز نہیں ہوگی۔ عمارہ اطہر کے مطابق ایسی وہیکلز کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں گے

بقیہ بقیہ جات 62

صدیق کمیانہ نے کہا کہ شہید سب انسپکٹر ادریس کی جرات اور بہادری پوری فورس کیلئے مشعل راہ ہے۔ سی سی پی او لاہور نے شہدائے پولیس کے اہل خانہ کی ویلفیئر کیلئے بھرپور اقدامات اٹھانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لاہور پولیس ہر خوشی اور غم کے موقع پر شہداء کے ورثا کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاہور پولیس کا ہر جوان سماج دشمن عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

ڈوب گئے، جائے حادثہ پر ریسکیو آپریشن جاری ہے، تاہم لاپتہ افراد کے بچنے کی امیدیں کم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لیبیا سے غیر قانونی طریقے سے جانے والی 5 کشتیوں پر پاکستانی سوار تھے۔ عامر آفتاب قریشی کا کہنا تھا کہ کشتی میں پہلے شگاف پڑا اور پھر ڈوب گئی، نعشیں حکومتی اخراجات پر پاکستان روانہ کی جائیں گی۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ کے مطابق یونان میں کشتی الٹنے کے واقعے میں یونانی حکام کے مطابق 4 پاکستانی جاں بحق ہوئے ہیں

یونان کشتی حادثہ، لاپتہ درجنوں پاکستانیوں کے بچنے کی امیدیں ختم ہوگئیں، پاکستانی سفیر

کشتی میں 80 سے زائد پاکستانی سوار تھے، نامعلوم جگہ پر ہزاروں فٹ گہرے سمندر میں ڈوب گئے، عامر آفتاب قریشی کی پریس کانفرنس

کشتی حادثے میں زندہ بچنے والے 46 پاکستانیوں کو یونان کے مالاکاسا کیمپ میں منتقل کر دیا گیا' کشتی چھوٹی تھی زبردستی سوار کرایا گیا' عینی شاہدین

ایتھنز (مانیٹرنگ ڈیسک) یونان میں پاکستانی سفیر عامر آفتاب قریشی نے کہا ہے کہ یونان کشتی حادثے میں ڈوبنے والے درجنوں پاکستانی تاحال لاپتہ ہیں جن کے بچنے کی امیدیں ختم ہوگئی ہیں۔ یونان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پاکستانی سفیر عامر آفتاب قریشی کا کہنا تھا کہ کشتی حادثے میں 4 پاکستانیوں کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوگئی، کشتی میں 80 سے زائد پاکستانی سوار تھے، نامعلوم جگہ پر ہزاروں فٹ گہرے سمندر میں (بقیہ نمبر 63)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مجوزہ قومی ایمنل ہیلتھ بل 2024 سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں سخت سردی' 18 انچ قطر گیس لائن پر نصب ریگولیٹرز جم گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سخت سردی کے باعث سوئی سدرن کی 18 انچ قطر گیس لائن پر نصب ریگولیٹرز منجمد ہوگئے۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کے مطابق بلوچستان میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے ہے، 18 انچ قطر گیس لائن پر نصب ریگولیٹرز منجمد ہو چکے ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ گیس لائن ریگولیٹرز منجمد ہونے کے باعث کام نہیں کر رہے، کوئٹہ کے کچھ حصے، کچلاک، پشین، بوستان اور زیارت میں گیس کی فراہمی متاثر ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ تکنیکی ٹیمیں صبح 6 بجے سے مسئلے پر کام کر رہی ہیں

بیوی پر شوہر اور سسر کا تشدد، سر کے بال کاٹ دیئے، نیم برہنہ کر دیا

ٹھٹھہ صادق آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بیوی پر شوہر اور سسر کا تشدد، قینچی اور بلیڈ سے سر کے بال کاٹ دیے، زمین پر گھسیٹتے رہے، کپڑے پھٹ جانے سے نیم برہنہ ہوگئی، باپ کی درخواست پر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا، شوہر گرفتار۔ تفصیل کے مطابق چک نمبر 139 دس آر کے رہائشی محنت کش عباس انصاری نے پولیس تھانہ ٹھٹھہ صادق آباد کو درخواست گزاری کہ اس کی دختر کی شادی دو برس قبل چک نمبر 121 دس آر کے اللہ رکھا کے ساتھ ہوئی۔ میری بیٹی کے شوہر اللہ رکھا کا رویہ ٹھیک نہ تھا اللہ رکھا نے (بقیہ نمبر 58)

کھاریاں، اشتہاری مجرمان کی فائرنگ سے ایلیٹ فورس کا جوان شہید

کھاریاں (این این آئی) کھاریاں کے نواحی گاؤں میں اشتہاری مجرمان کی فائرنگ سے ایلیٹ فورس کا جوان طارق عزیز شہید، ایک پولیس اہلکار عامر شہزاد زخمی پولیس ٹیم اشتہاریوں کی فائرنگ کی اطلاع پا کر موقع پر پہنچی، پولیس پارٹی کو دیکھ کر اشتہاری مجرمان نے سیدھی فائرنگ کر دی۔ ملزمان کی فائرنگ سے ایلیٹ فورس کے جوان طارق عزیز اور عامر شہزاد زخمی ہو گئے۔ زخمی اہلکاروں کو ہسپتال (بقیہ نمبر 55)

اسلامی نظام ہی ملکی ترقی وخوشحالی کا ضامن ہے' سنی علما کونسل

خلفاء راشدین کا دور حکومت امت مسلمہ کیلئے رول ماڈل کی حیثیت رکھتا ہے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ اسلامی نظام ہی ملکی ترقی وخوشحالی کا ضامن ہے، جب تک ملک میں نظام مصطفیٰ ﷺ نافذ نہیں ہوگا تب تک ملک میں امن آئیگا نہ خوشحالی آئیگی، خلفاء راشدین کا دور حکومت امت مسلمہ کیلئے رول ماڈل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک خداداد پاکستان کی (بقیہ نمبر 60)

سودی نظام معاشی خوشحالی کے راستے میں بڑی رکاوٹ ہے' جاوید قصوری

حکمرانوں کی کارکردگی دعووں، وعدوں، زبانی کلامی اور ڈنگ ٹپاؤ اقدامات تک محدود ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری نے کہا ہے کہ جب تک ملک میں سودی نظام قائم ہے اس وقت تک خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ حکمرانوں نے پورے معاشی نظام کو ہی مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، جو بھی حکومت برسر اقتدار آئی اس نے آئی ایم ایف کے در پر سجدہ ریز ہونے میں ہی عافیت جانی، عوام کی زندگی عملاً اجیرن ہو چکی ہے، حکمرانوں کی کارکردگی (بقیہ نمبر 59)

کاروباری مسائل کے خاتمے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے' صفدر علی

صنعت وتجارت کو مسائل سے نجات دلانے سے ملکی ترقی کی رفتار تیز ترین ہو سکتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) صدر لبرٹی مارکیٹ بورڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن صفدر علی بٹ نے کہا ہے کہ کاروباری مسائل کے خاتمے کیلئے حکومت کو ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ صنعت وتجارت کو مسائل سے نجات دلانے سے ملکی ترقی کی رفتار تیز ترین ہو سکتے ہیں۔ بحران زدہ معاشی حالات سے اس وقت ملک میں جاری صورتحال شدید مخدوش ہے۔ کاروبار ملکی معیشت اور صنعتی و کاروباری (بقیہ نمبر 57)

KISTAN NAVY

ترکیہ کی زیر قیادت منعقد ملٹی نیشنل اینٹی سب میرین وارفیئر مشق ماوی بلینہ میں پاک بحریہ کی ٹیم کا گروپ فوٹو

مریم نواز کے دورہ چین سے دو طرفہ تعلقات کو نئی جہت ملی' ڈاکٹر نوید الٰہی

وزیراعظم شہباز شریف کے گورننس کے اصلاحاتی ایجنڈے اور وزیراعلیٰ مریم نواز کے چین کیساتھ ماحولیاتی خطرات سے نمٹنے کیلئے اقدامات اہم ہیں

حکومت نے انتہائی متحرک و موثر کردار نبھایا، ممتاز تجزیہ کار اور مدیر ویکلی "پالیسی پلس" کی حالیہ حکومتی سرگرمیوں پر تجزیاتی رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ممتاز تجزیہ کار محقق، دانشور اور ویکلی ''پالیسی پلس'' کے مدیر ڈاکٹر نوید الٰہی نے ہفتہ روزہ ویکلی پلس میں اپنی تجزیاتی رپورٹ میں وزیراعلیٰ مریم نواز کے دورہ چین سے پاک چین تعلقات کے استحکام کو نئی جہت ملنے کی نوید سنائی ہے۔ ڈاکٹر نوید الٰہی نے ملک کے حالیہ حالات، سفارت کاری، اقتصادی اصلاحات، انسداد دہشتگردی کے حوالے سے اقدامات کے ?مرات، ماحولیاتی انتظام کے ساتھ ساتھ (بقیہ نمبر 55)

لاہور، 52ویں کامن میں شامل زیر تربیت اے ایس پیز کا سنٹرل پولیس آفس کے مطالعاتی دورے کے موقع پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر سینئر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

فیصل آباد اوباش افراد نے 5 سالہ بچے کو درندگی کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد تھانہ باہلک کے علاقہ پنڈی شیخ موسیٰ میں اوباش افراد نے محنت کش کے پانچ سالہ بچے کو درندگی کا نشانہ بنا کر گلہ دبا کر موت کے گھاٹ اتار دیا، نعش کھیتوں میں پھینک کر فرار ہو گئے، بچے کی نعش ملنے پر گھر میں کہرام' والدین غم سے نڈھال' پولیس نے نعش قبضے میں لیکر پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر کے درندہ صفت ملزمان وقاص وغیرہ کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں' سی پی او کامران عادل نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے بھیڑیا صفت ملزمان کو جلد گرفتار کرنے (بقیہ نمبر 54)

افغانستان سے آنیوالی ہواؤں سے سردی میں مزید اضافہ، کراچی کا پارہ 10 ہوگیا

کراچی (این این آئی) افغانستان سے آنے والی سرد ہواؤں کی وجہ سے سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے شمالی علاقوں میں سردی کی صورتحال برقرار ہے، پاک ایران اور پاک افغان سرحدی علاقوں میں سرد ہواؤں نے نظام زندگی کو مفلوج کر دیا ہے۔ محکمہ موسمیات کا بتانا ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں آج موسم سرد اور پہاڑی علاقوں میں شدید سرد رہے گا۔ وادی زیارت، شیلاباغ، خواجہ عمران ریج میں درجہ حرارت منفی 10، چمن، قلعہ عبداللہ، (بقیہ نمبر 52)

بہتر ٹرین آپریشن' 2 سالوں میں ریلوے کی مسلسل بہتر کارکردگی رہی' عامر بلوچ

لاہور (این این آئی) چیف ایگزیکٹو آفیسر ریلویز عامر علی بلوچ نے کہا ہے کہ بہتر ٹرین آپریشن اور مناسب اقدامات کے باعث گزشتہ دو سالوں میں ریلوے کی مسلسل بہتر کارکردگی رہی، آمدنی اور ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ جبکہ آپریشنل اخراجات میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مالی سال 2024-25 کے ابتدائی 5 ماہ میں پاکستان ریلوے نے 37.5 ارب (بقیہ نمبر 49)

حکومت بزنس کمیونٹی کو ریلیف فراہم کرے' رمیض دیوان

ملکی معیشت اور کاروباری امور براہ راست مثبت حکومتی فیصلوں سے ہی تقویت پا سکتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین نارتھ لاہور انڈسٹری ٹریڈرز ایسوسی ایشن رمیض دیوان نے کہا ہے انڈسٹریل کمیونٹی کو درپیش مسائل کے خاتمے کیلئے حکومت سے اپیل ہے بزنس کمیونٹی کو ریلیف فراہم کرے۔ غیر متوازن معاشی حالات سے اس وقت ملک میں جاری صورتحال پریشان کن ہے۔ ملکی معیشت اور کاروباری امور براہ راست مثبت حکومتی فیصلوں سے ہی تقویت پا سکتے ہیں (بقیہ نمبر 53)

تجارتی مراکز' تاجر برادری کو ریلیف ملنا انتہائی ضروری ہے' شیخ عبدالمتین

صنعت وتجارت پر لاگو ٹیکسوں میں کمی کر کے اقتصادی و صنعتی شعبہ ہائے زندگی کی ترقی کر سکتے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) آل پاکستان ٹرک ٹرالہ اونرز ایسوسی ایشن کے نائب صدر و مرکزی تنظیم تاجران لاہور شیخ عبدالمتین نے کہا ہے ملکی معیشت کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے تجارتی مراکز اور تاجر برادری کو ریلیف ملنا انتہائی ضروری ہے۔ صنعتی و کاروباری اعشاریے بہتر ہونے سے ہی ملکی ترقی کر سکتا ہے۔ صنعت و تجارت پر لاگو ٹیکسوں میں کمی کر کے اقتصادی و صنعتی شعبہ ہائے زندگی کی ترقی کر سکتے (بقیہ نمبر 51)

کھاد مافیا کسانوں کی جیبوں پر ڈاکے مار رہا ہے' رشید منہالہ

کوئی چیز بھی حکومتی نرخوں پر میسر نہیں ہے' صدر کسان بورڈ پاکستان وسطی پنجاب

لاہور (پ ر) کسان بورڈ پاکستان وسطی پنجاب کے صدر میاں رشید منہالہ نے کہا ہے کہ کھاد مافیا کسانوں کی جیبوں پر ڈاکے مار رہا ہے جبکہ ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ گندم کی کاشت شروع ہوتے ہی کھاد کی قیمتوں میں اضافہ اور بلیک مارکیٹنگ کرنے والا گروہ سرگرم ہوگیا ہے۔ جس کی وجہ صوبائی حکومت کی ناکامی ہے۔ ہم پوری دنیا سے قرض مانگ مانگ کر ملک چلا رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 50)

HIGHER EDUCATION DEPARTMENT

راولپنڈی، وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کا وقار النساء کالج میں تقریب کے اختتام ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر کنیز فاطمہ، پرنسپل و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور پولیس کی گارڈ کی شہید سب انسپکٹر ادریس کی برسی کے موقع پر قبر پر حاضری

پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی قبر کو سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر لاہور پولیس کی گارڈ نے شہید سب انسپکٹر ادریس کی برسی کے موقع پر قبر پر حاضری دی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی قبر کو سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر شہید سب انسپکٹر کے اہل خانہ بھی موجود تھے۔ سب انسپکٹر محمد ادریس نے 17 دسمبر 1985ء کو تھانہ نیوانارکلی تعیناتی کے دوران قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے لاہور پولیس کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ہیروز کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے شہداء ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ بلال (بقیہ نمبر 62)

وکلاء وفد کی چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے ملاقات

سیشن کورٹ کے ملحقہ ایریا میں ایک ہی جگہ پر تمام کورٹس کو یکجا کیا جائے گا: جسٹس عالیہ نیلم

لاہور (میڈیا ورلڈ لائن) چوہدری بابر وحید وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل جناب راؤ فضل الرحمان عابد چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل نے وکلاء نمائندگان وفد جس میں جناب چوہدری محمد احسن بھون، جناب طاہر نصر اللہ وڑائچ، جناب پیر مسعود چشتی، جناب چوہدری اشتیاق احمد خاں ممبران پاکستان بار کونسل، جناب منیر حسین بھٹی صدر لاہور بار ایسوسی ایشن، جناب اسد منظور بٹ صدر لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، قادر بخش چاہل سیکرٹری لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، اور کابینہ لاہور بار شارا کبر بھٹی سینئر نائب صدر، رانا عمران سر رٹری جنرل، اور راو تحسین شریف سیکرٹری لاہور بار ایسوسی ایشن نے عزت مآب مس لاہور ہائی کورٹ لاہور کے ساتھ ملاقات کی جس میں انہوں نے پنجاب بھر کے وکلاء کے مسائل پر بات چیت کی عزت تاب جسٹس عالیہ نیلم چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور نے وکلاء نمائندگان کے اس وفد نے لاہور میں عدالتوں کی تقسیم کے درینہ مسئلہ کو اپنی دانشورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے افہام وتفہیم کے ساتھ حل کیا۔ انہوں نے وکلاء نمائندہ وفد کو یقین دہانی کروائی کہ لاہور میں سیشن کورٹ کے ملحقہ ایریا میں ایک ہی جگہ پر تمام کورٹس کو یکجا کیا جائے گا۔ وکلاء نمائندگان وفد نے چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور کے اس فیصلہ کو سراہا اور انہوں نے وکلاء اور سائلین کے لیے ان کا یہ فیصلہ خوش آئند قرار دیا۔ وکلاء نمائندگان وفد نے کہا کہ ان کا یہ فیصلہ بار او بنچ کے مابین تعلقات میں خوش آئند اضافہ ہوگا۔ وفد نے چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ لاہور کی خصوصی کاوشوں کو سراہا جس میں بالخصوص لاہور میں عدالتوں کی تقسیم کے معاملہ کو خوش اسلوبی سے حل کرنے، لیڈیز وکلاء کی سہولت کے لیے پنجاب بھر کی تمام بار ایسوسی ایشنز میں ڈے کیئر سینٹرز قائم کرنے اور پنجاب بار کونسل کے درینہ مطالبہ کو مانتے ہوئے لاہور میں سول کورٹ کے قریب جوڈیشل کمپلیکس کی تعمیر جہاں تمام عدالتیں اور اپیلانٹ فورم ایک جگہ پر یکجا کیے جائیں گے۔ وفد نے بار اور بنچ کے تعلقات میں پنجاب بار کونسل اور چیف جسٹس کی خصوصی کاوشوں کو بھی سراہا۔

عمران خان جلد اپنے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے' مسرت جمشید چیمہ

پاکستان کے آگے بڑھنے کا واحد راستہ سیاسی ڈائیلاگ، نئے انتخابات کا اعلان ہے' سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ جیل ٹرائل کے دوران دوسری بار بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات ہوئی، 500 دن گزرنے کے بعد بھی عمران خان کا عزم وولولہ پہلے کی طرح قائم ہے، ان کا ہر فیصلہ پاکستان کی بہتری اور ایک مثبت سوچ کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ مذاکرات کا فیصلہ بھی اسی لیے کیا گیا کہ اہل اقتدار کو موقع دیا جائے کہ وہ پاکستان کو ایک بحران سے دوسرے بحران میں لے جانے کی بجائے آگے چلنے کا سوچیں، موجودہ حکمران جعلی مینڈیٹ کے ساتھ سرکاری عمارتوں پر قابض تو رہ سکتے ہیں لیکن عوام کا اعتماد حاصل نہیں کر سکتے، اس وقت پاکستان کے آگے بڑھنے کا واحد راستہ سیاسی ڈائیلاگ (بقیہ نمبر 38)

مدارس رجسٹریشن پر کچھ لوگوں کے تحفظات ہیں: احسان افضل

حکومت کی کوشش ہوگی کہ دونوں فریقین کو ایک پلیٹ فارم پر بٹھایا جائے' انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل نے کہا ہے کہ مدارس رجسٹریشن پر کچھ لوگوں کے تحفظات ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے نہیں اسٹیک ہولڈرز نے کچھ معاملات اٹھائے ہیں۔ رانا احسان افضل کا کہنا ہے کہ حکومت اتفاق رائے پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہو گی کہ دونوں فریقین کو (بقیہ نمبر 39)

قانون سازی صدر مملکت کے دستخط کے بغیر مکمل نہیں ہوتی، وزیر قانون

صدر بل واپس کرتا ہے تو آئین کے مطابق بل کو مشترکہ اجلاس میں رکھا جاتا ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ کوئی بھی قانون سازی صدر مملکت کے دستخط کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمان سے میرا اور میرے قائد کا احترام کا رشتہ ہے، ہمارے اکابرین نے اجتماعی دانش سے 1973 کا آئین متفقہ پاس کیا۔ انہوں نے کہا کہ 26 ویں ترمیم کے (بقیہ نمبر 40)

وزیر اعظم کا ہرجانے کا دعویٰ' عمران خان کی درخواست ناقابل سماعت قرار

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس چودھری اقبال نے عمران خان کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے ہرجانے کے دعوے سے متعلق کیس میں بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی درخواست ناقابل سماعت قرار دے دی۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس چودھری اقبال نے عمران خان کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی گواہوں کو تحریری گواہی کی اجازت دینے کے (بقیہ نمبر 41)

خیبر پختونخوا میں انسداد پولیو مہم جاری' انکاری والدین کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

رواں سال صوبے میں پولیو کے 18 کیسز سامنے آئے ہیں' صوبائی حکومت جاگ گئی

پشاور (این این آئی) پشاور سمیت خیبر پختونخوا میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم جاری ہے، حکومت نے مہم کے دوران بچوں کو پولیو قطرے پلانے سے انکار کرنے والے والدین کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ رواں سال صوبے میں پولیو کے 18 کیسز سامنے آئے ہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان سے 9، ٹانک سے 3، لکی مروت اور کوہاٹ سے 2،2 کیسز جبکہ ضلع مہمند اور نوشہرہ سے پولیو کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہو چکا ہے۔ سات روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران صوبہ بھر میں 60 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے پشاور میں 8 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاو کے (بقیہ نمبر 42)

سوشل میڈیا پر ہوائی فائرنگ' اسلحہ کی نمائش کیخلاف سائبر اسکواڈ تشکیل

ہوائی فائرنگ کی روک تھام کے لیے اسپشل ایکشن پلان تیار کر لیا' لاہور پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے سوشل میڈیا پر ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش اور تشہیر کے خلاف سائبر اسکواڈ تشکیل دے دیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران کے مطابق ہوائی فائرنگ کی روک تھام کے لیے اسپشل ایکشن پلان تیار کر لیا گیا ہے۔ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحے کی سوشل میڈیا پر تشہیر کے خلاف سائبر اسکواڈ اور نیو ایئر اور کرسمس پر ہاٹ اسپاٹ ایریاز میں پولیس کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز کا مزید کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ پر فوری قانون حرکت میں آئے گا اور ذمہ دار جیل جائیں گے۔ رواں سال ہوائی فائرنگ اور اسلحے کی نمائش کرنے والے 831 ملزمان جیل جا چکے ہیں۔ ہوائی فائرنگ اور اسلحہ نمائش کے خلاف 505 مقدمات درج کئے گئے۔ ہوائی فائرنگ کی اندھی گولیاں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع کرتی ہیں۔ اپنی اور دوسروں کی خوشیاں ماتم نہ بنائیں۔

لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ ایمبیسیڈر زبلوم قونصل جنرل گوردوارہ کا دورہ کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کے دورہ چائنہ کا خیر مقدم کرتے ہیں' فدا حسین

چائنہ میں مقیم اوورسیز پاکستانی کمیونٹی کی محبتیں نواز شریف کے ساتھ ہمیشہ ہیں اور رہیں گی

لاہور (سٹی رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے چیئرمین حاجی فدا حسین نے کہا ہے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دورہ چائنہ کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ چائنہ میں مقیم اوورسیز پاکستانی کمیونٹی کی محبتیں میاں نواز شریف کے ساتھ ہمیشہ ہیں اور رہیں گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن سے صوبے میں ترقی کی راہیں کھل رہی ہیں۔ پاکستان کے غیور عوام پنجاب کی دختر بہادر قائد کی بیٹی کو اپنی عزت فخر اور مان سمجھتے ہیں اور سمجھتے رہیں گے۔

نوجوان نے خنجر کے وار سے باپ، بھائی اور بہن کو قتل کر دیا

ملزم سراج منشیات کا عادی اور اس سے قبل بھی فائرنگ کر کے ایک بھائی کو قتل کر چکا ہے، پولیس

ڈی آئی خان (این این آئی) نوجوان نے خنجر کے وار کر کے اپنے باپ، بھائی اور بہن کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی خان میں تھانہ کرک سٹی کے قریب ملنگ بابا کالونی میں دل خراش واقعہ پیش آیا، جس میں درندہ صفت نوجوان نے خنجر سے وار کر کے اپنے باپ، بھائی اور بہن کو قتل کر دیا۔ حملے میں گھر کے تین دیگر افراد بھی زخمی ہوئے ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے جائے وقوع پر پہنچ کر لاشوں اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا جب کہ ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ۔ ملزم نے اس سے قبل بھی فائرنگ کر کے اپنے ایک بھائی کو قتل اور والد کو زخمی کر چکا ہے۔

ریاست وریاستی اداروں کے مابین ہم آہنگی کے فقدان کے باعث دہشت گردی کی کارروائیاں ملکی سلامتی کیلئے سنگین خطرات ہیں، فرحت اللہ بابر

پوری ملت اسلامیہ کو استحکام پاکستان کیلئے جنگی بنیادوں پر دہشت گردی کے خاتمے وتدارک کیلئے پائیدار لائحہ عمل اور ٹھوس قومی ایکشن پلان کے نفاذ کے اقدامات کرنا ہوں گے

United We Stand
Lions International District 305-N2
Divided We Fall
CANDLE DEMONSTRATION
شہدائے آرمی سکول پشاور کی دسویں برسی
پاکستان سوشلسٹ فورم

اسلام آباد (پ ر) سابق سینیٹر وسیکرٹری جنرل پی پی پی ممتاز دانشور فرحت اللہ بابر نے کہا ہے کہ ریاست و ریاستی اداروں کے مابین ہم آہنگی کے فقدان کے باعث دہشت گردی کی کاروائیاں ملکی سلامتی کیلئے سنگین خطرات ہیں۔ پوری ملت اسلامیہ کو استحکام پاکستان کیلئے جنگی بنیادوں پر دہشت گردی کے خاتمے وتدارک کیلئے پائیدار لائحہ عمل اور ٹھوس قومی ایکشن پلان کے نفاذ کے اقدامات کرنا ہوں گے۔ تاکہ وطن عزیز میں ہر سو پھیلی دہشت گردی کی لہر کی بیخ کنی اور پاک سرزمین کے محافظوں اور جانثاروں کی شہادتوں اور عظیم و لازوال قربانیوں کو زندہ و جاوید بنا کر جینا ہوگا تاکہ وطن پاکستان کی آئندہ نسلوں کو مضبوط پاکستان اور محفوظ پاکستان کا سازگار ماحول میسر آسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے باہر اسلام آباد کریسنٹ لائنز کلب کے زیراہتمام سانحہ اے پی ایس پشاور کے شہداء کرم وپاراچنار کے بے گناہ شہیدوں کی یاد میں شمعیں فروزاں کے موقعہ پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مختصر پروقار تقریب کے میزبان لائن فرحت اللہ بابر چیئرپرسن انسانی حقوق پی پی پی کینیڈا تھے۔ جبکہ اس موقع پر لائن سبطین رضا لودھی بانی آئی سی ایل سی، لائن سیدہ سمیرا رضا قائم مقام صدر اسلام آباد کریسنٹ لائنز کلب، لائن عارف جمیز، لائن اشہر قریشی، لائن شمیم ملک سمیت مہمان اعزاز انسانی حقوق کی سرگرم علمبردار ممتاز شخصیت آمنہ مسعود جنجوعہ شامل تھیں۔ انسانی حقوق کی سفیر آمنہ مسعود جنجوعہ نے کہا ہے کہ مسلح افواج کے معصوم نوجوانوں کی لازوال قربانیوں کو قوم ہرگز فراموش نہیں کر سکتی۔ تاہم پاکستانی قوم وعوام کو پوری یکسوئی کے ساتھ دہشت گردوں کے عزائم اور عالمی طاقتوں کے ناپاک ارادوں سمیت استعماری قوتوں کے آلہ کاروں کو بے نقاب کرنے کا وقت آن پہنچا ہے۔ دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی ایجنسیاں را (بھارت) موسار (اسرائیل) سی آئی اے (امریکہ) سمیت ادارے پاکستان کی جغرافیائی لوکیشن کے دشمن ہیں۔ وہ پاکستان کی تعمیر وترقی اور مسلح افواج پاکستان اور حکومت پاکستا کی قومی کاوشوں کو نیست ونابود کرنے کے خواہاں ہیں۔ پاکستانی قوم وعوام ہرگز ہرگز ان کے عزائم کو خاک میں ملا دے گی۔ پاکستان مسلم امہ کی تسلیم شدہ قائد ریاست ہے اور افکار قائداعظم محمد علی جناح بانی پاکستان کی تعلیمات کی روشنی میں سیسہ پلائی دیوار اور ملت بن کے دکھائے گی۔ اس موقعہ پر شہداء کی یاد میں شمعیں فروزاں کی گئیں۔

لاہور، لاہور پولیس کا ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے سپیشل ایکشن پلان تیار

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کا ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے سپیشل ایکشن پلان تیار، نیو ایئر اور کرسمس پر ہاٹ سپاٹ ایریاز کے لیے پولیس کی خصوصی ٹیمیں تشکیل، ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی سوشل میڈیا پر تشہیر کے خلاف سائبر سکواڈ تشکیل دیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ پر قانون حرکت میں آئے گا، ذمہ دار جیل جائیں گے، رواں سال ہوائی فائرنگ اور اسلحہ نمائش کرنیوالے 831 ملزم جیل جا چکے ہیں ان کا مزید کہنا تھا کہ فائرنگ کی اندھی گولیاں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع کرتی ہیں، اپنی اور دوسروں کی خوشیاں ماتم نہ بنائیں، ہوائی فائرنگ مت کریں۔

لاہور، گجرپورہ پولیس نے بہو کے قتل میں ملوث ساس کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گجرپورہ پولیس نے بہو کے قتل میں ملوث ساس کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا تاہم مرکزی ملزمان گرفتار نہ ہو سکے۔ تفصیلات کے مطابق گجرپورہ کے علاقے میں 3 روز قبل عبدالرحمٰن نامی شخص نے اپنے بھائی دلاور اور ماں صبا کے ساتھ ملکر گھریلو لڑائی پر فائرنگ کر کے اپنی بیوی طوبی کو قتل کر دیا تھا اور موقع سے فرار ہو گئے تھے پولیس نے مقتولہ طوبی کے والد یوسف کی مدعیت میں پولیس نے مقدمہ درج کر کے گزشتہ روز مقدمے میں نامزد مقتولہ کی ساس صبا کو گرفتار کر لیا جبکہ نامزد مرکزی ملزم عبدالرحمٰن، مقتولہ کا دیور دلاور تاحال گرفتار نہ ہو سکے پولیس کا کہنا تھا کہ ملزمان مفرور ہیں ان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

لاہور، شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان چھین لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق غازی آباد میں مقصود سے 1 لاکھ 70 ہزار روپے اور موبائل فون۔ شادباغ میں آذان علی سے 1 لاکھ 50 ہزار روپے اور موبائل فون، اچھرہ میں فہیم سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان۔ جوہر ٹاؤن میں کلیم سے 1 لاکھ 30 ہزار روپے چھین لئے

لاہور، پنجاب پولیس ڈیرہ غازی خان نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے 02 خوارجی دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچا دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس ڈیرہ غازی خان نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے 02 خوارجی دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچا دیا ہے۔ تھانہ وہوا کے علاقے کوٹانی تال میں دہشتگردوں نے پولیس پر ہینڈ گرنیڈ اور بھاری اسلحے سے حملہ کیا، سی ٹی ڈی اور ڈی جی خان پولیس نے مشترکہ کاروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کے عزائم خاک میں ملا دیئے اور پولیس کی جوابی کاروائی میں 02 خوارجی دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ دہشتگرد پنجاب کے تھانوں اور حساس مقامات پر حملے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ پنجاب خیبر پختونخوا بارڈر کے قریب دہشتگردوں کی نقل وحرکت کے پیش نظر پولیس ہائی الرٹ تھی۔ دہشتگردوں کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او وہوا، پولیس اور سی ٹی ڈی ٹیموں نے دہشت گردوں کا تعاقب کیا، پولیس اور سی ٹی ڈی ٹیموں کو دیکھتے ہی دہشت گرد راکٹ، گرینیڈ اور دیگر بھاری اسلحہ سے حملہ آور ہوئے۔ دہشتگردوں کی شدید فائرنگ کے باوجود پولیس نے جوانمردی سے بھرپور جوابی کاروائی کی، ایلیٹ فورس سمیت بیک اپ ٹیمیں فوری موقع پر پہنچیں، دہشتگردوں کو پسپائی کا موقع نہ دیا، خوارجی دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کی مکمل کمانڈ آر پی او ڈیرہ غازی خان کیپٹن (ر) سجاد حسن خان نے کی، ڈی پی او ڈیرہ غازی خان سید علی موقع پر پہنچے جبکہ دہشت گردوں سے راکٹ لانچرز، ہینڈ گرینیڈ ودیگر جدید و بھاری اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سی ٹی ڈی اور ڈی جی خان پولیس کو شاباش دی۔ پولیس، سی ٹی ڈی اور ایلیٹ ٹیموں نے سرحدی علاقے میں سرچ اور سویپ آپریشن بھی کیا۔

لاہور، تھانہ نولکھا پولیس کی کارروائی

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ نولکھا پولیس کی کارروائی ڈکیت گینگ کے دو ارکان سرغنہ ناجائز اسلحہ اور الات سمیت گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نولکھا پولیس سب انسپکٹر صدیق کی سربراہی میں بروقت کارروائی واردات کی نیت سے بیٹھے دو افراد سرغنہ سمیت ایک موریہ پل سے گرفتار۔

گمشدگی کاغذات

میری ہنڈا/فریڈ گاڑی کا اصل کارڈ غریب آباد سکھر میں کہیں گر کر گم ہوگیا ہے جس کسی کو بھی ملے درج ذیل پتہ پر ارسال کر دیں۔

ایڈریس: مکان نمبر F-125 محلہ شاہ بھٹائی، بہار کالونی سکھر
زاہد علی گبول 0315-3555334

راولپنڈی، راولپنڈی پریس کلب میں کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے ایک شاندار تقریب کا اہتمام

اسلام آباد نیشنل پریس کلب اور دیگر تنظیموں کا تعاون شامل حال رہا

راولپنڈی (نمائندہ) ڈولفن کمیونیکیشن اور مائیلز سٹون کی مشترکہ کاوشوں سے راولپنڈی پریس کلب میں کرسمس کے موقع مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یک جہتی کے لئے ایک شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ مسیحی برادری کے لیے بہترین تقریب کے انعقاد میں اسلام آباد نیشنل پریس کلب اور دیگر تنظیموں کا تعاون شامل حال رہا۔ اس موقع پر ڈولفن کمیونیکیشن کی چیئر پرسن محترمہ عاصمہ بٹ اور مائیلز سٹون کے ڈائیریکٹر محمد حسین نے چھ سو سے زائد مسیحی خاندانوں میں تحائف تقسیم کیے، جب کہ مسیحی برادری اور بالخصوص ان کے بچوں کے لیے رنگا رنگ تقریب بھی منعقد کی گئی۔ مہندی، چوڑیوں، ملبوسات کے سٹالز بھی لگائے گئے، میجک شو سے بچے خوب محظوظ ہوئے اور انھوں نے دل کھول کر عاصمہ بٹ کی مسیحی برادری کے لیے انجام دی گئی کاوشوں کو بے حد سراہا۔ اس موقع پر ڈولفن کیمونیکیشن کی چیئر پرسن محترمہ عاصمہ بٹ کا کہنا تھا کہ پاکستان ایک مسلم ریاست ہے۔ جو بھائی چارہ کا درس دیتی ہے۔ اس تقریب کے توسط سے یہ پیغام دوں گی کہ ہمارے پاکستان میں مذہبی تفریق نہیں پائی جاتی۔ ہم اقلیتوں کے ساتھ مل کر چلنے والی قوم ہیں۔ ہم نے ہمیشہ اپنے عمل سے یہ ثابت بھی کیا ہے کہ پاکستان پیار، محبت اور امن کا گہوارہ ہے۔ عاصمہ بٹ کا کہنا تھا کہ معذور افراد پر ترس کھانے کے بجائے ان کا حوصلہ بنیں۔ عاصمہ بٹ نے صدر پاکستان یونین آف جرنلسٹس افضل بٹ، صدر نیشنل پریس کلب اظہر جتوئی، ایس ایس پی سٹی پولیس راجہ حبیب، لیڈیز پولیس افسران اور دیگر مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

محکمہ لیبر وانسانی وسائل پنجاب کی مزدوروں کی کم از کم اجرت پر عملدرآمد کی بھرپور کمپین جاری

اسسٹنٹ ڈائریکٹر راولپنڈی عزیر عباس کی سربراہی میں مزدوروں کی کم از کم اجرت پر عملدرآمد کیلیے چیکنگ جاری

راولپنڈی (نمائندہ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ڈائریکٹر پنجاب محکمہ لیبر وانسانی وسائل کلثوم حئی کی سربراہی میں مزدوروں کی کم سے کم اجرت جو 37000 مقرر کی گئی پر عملدرآمد کیلیے بھرپور کمپین جاری ہے، اس سلسلے میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر راولپنڈی عزیر عباس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ 700 سے زائد مختلف دکانوں اور ادارہ جات کی انسپکشن کی اور 120 چالان کیے، اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ لیبر وانسانی وسائل راولپنڈی عزیر عباس کا کہنا تھا کہ مزدوروں کی کم از کم اجرت 37000 پر عملدرآمد کیلیے ہماری ٹیمیں متحرک ہیں مزدوروں کو ان کے حقوق دلانا ہماری زمہ داری ہے جس کیلیے ٹیمیں ہمہ وقت کام کر رہی ہیں، کسی بھی قسم کی شکایت کیلیے محکمہ لیبر وانسانی وسائل کی ہیلپ لائن 1314 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

حکومت پنجاب کا احسن اقدام

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر پنجاب سوشل اکنامک سروے کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

دفتر
یونین کونسل ترنڈہ گورگیج
122

رحیم یار خان (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر پنجاب سوشل اکنامک سروے کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا جس پر یونین کونسل ترنڈہ گورگیج نمبر 122 میں ایڈمنسٹریٹر رئیس اشفاق احمد اور سیکریٹری یونین کونسل حافظ شفیق کی سربراہی میں پنجاب سوشل اکنامک سروے کا آغاز ہو چکا ہے اس دوران حافظ محمد شفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب کا یہ احسن اقدام قابل ستائش ہے اس پالیسی سے عوام کو ان کی دہلیز پر بغیر کسی مشکلات اور قطار و انتظار کے اکنامک سروے بآسانی ہوگا جس سے خواتین کو مشکلات وپریشانی سے نجات حاصل ہوگی اور ایجنٹ مافیا سے لٹنے والی خواتین بھی بچ جائیں گی خواتین سے گزارش ہے کہ وہ جلد از جلد اپنا اکنامک سروے کرا کر حکومت پنجاب کے اس اقدام سے فائدہ اٹھائیں تاکہ ان کو حکومت پنجاب کی طرف سے جاری وظائف حاصل کرنے میں آسانی ہو اس دوران جام محمد اصغر ٹانوری چیئرمین BRY نیوز، سید محبوب الرحمٰن شاہ صدر یونین آف جرنلسٹس اور اہل علاقہ و ممبران یونین آف جرنلسٹس موجود تھے جس پر اہل علاقہ نے خوشی کا اظہار کیا اور حکومت پنجاب کا اس احسن اقدام پر شکریہ ادا کیا

لاہور، سی ٹی او عمارہ اطہر کا ای چالان سے بچنے کے لیے نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم

شہری ای چالان سے بچنے کیلئے اپنی گاڑیوں کی نمبر پلیٹس پر سیاہ پیپر لگا لیتے ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او عمارہ اطہر نے ای چالان سے بچنے کے لیے نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ شہری ای چالان سے بچنے کیلئے اپنی گاڑیوں کی نمبر پلیٹس پر سیاہ پیپر لگا لیتے ہیں یا ان سے چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں جس کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں گے۔ سی ٹی او عمارہ اطہر نے مزید کہا کہ اب غیر نمونہ، بوگس اور نمبر پلیٹس پر ٹمپرنگ کرنے والوں کو بھاری جرمانوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ رواں سال کے دوران 2 لاکھ 21 ہزار سے زائد چالان ٹکٹس جاری کیے گئے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ نمبر پلیٹس پر جعلی یا غیر واضح نمبر ہونے پر کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔ موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر فینسی نمبر پلیٹس لگانے کی اجازت بھی ہرگز نہیں ہوگی۔ عمارہ اطہر کے مطابق ایسی وہیکلز کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں گے اور ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی جس سے قانون شکن عناصر کی حوصلہ شکنی ہوگی۔

لاہور، لاہور پولیس کی گارڈ نے شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی برسی کے موقع پر قبر پر حاضری دی

پولیس کے چاق وچوبند دستے نے شہید کی قبر کو سلامی پیش کی

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر لاہور پولیس کی گارڈ نے شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی برسی کے موقع پر قبر پر حاضری دی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی قبر کو سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر شہید سب انسپکٹر کے اہل خانہ بھی موجود تھے۔ سب انسپکٹر محمد ادریس نے 17 دسمبر 1985 کو تھانہ نیو انارکلی تعیناتی کے دوران قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے لاہور پولیس کے شہدا کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ہیروز کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے شہدا ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی جرات اور بہادری پوری فورس کیلئے مشعل راہ ہے۔ سی سی پی او لاہور نے شہدائے پولیس کے اہل خانہ کی ویلفیئر کیلئے بھرپور اقدامات اٹھانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لاہور پولیس ہر خوشی اور غم کے موقع پر شہدا کے ورثا کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاہور پولیس کا ہر جوان سماج دشمن عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑا ہے۔

لاہور، ڈولفن سکواڈ نے 2 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ نے ہنجروال کے علاقے سے وارادات کی نیت سے شہریوں کی ریکی کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا تفصیلات کے مطابق ہنجروال کے علاقے میں ڈولفن ٹیم نے دوران پٹرولنگ 2 مشکوک اشخاص کو گھات لگائے دیکھا۔ پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان گرفتاری سے بچنے کیلئے تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آمنہ پارک کی طرف فرار ہوگئے

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351